کیا صنعت ذکر اسکو سمجھے ناصح
حسرتین دل سے بھلا نکلین ہین کسکی ناصح
ہے یہ دنیا وہ تاسف کی جگہ ہی ناصح
کف افسوس کے ملنے کو کفن سے ناصح
نکلے ہے بعد فنا دست سکندر باہر

کچھ جنگ ہے یا مجسے تری آنکھ لڑی ہو جب
تا شام جو رہتی ہے مرے گھر مین اڑی ہی دھوپ
ہم دلجلونکے کسلئے پیچھے پڑی ہی دھوپ
ٹلتا ہی نہین ہجر کا دن کیا ہی کڑی دھوپ
خورشید قیامت نہ مرے گھر مین چڑھی دھوپ

اس آدمی بیچارہ مین کچھ بھی نہین سامان
آنسو بھی نہین جسکے سبب بیج محبت ہو جو لرزان
دیکھی انہین پائے ہون تو رہا جیب و داماں
کیا لال بھی ہین مری زنجیر کی کڑیان
پڑتی ہے غضب وادی وحشت مین کڑی دھوپ

سر مین تھی اس گرمی کی کسی شخص کو امید
سب سوچکے اور غور سے یہ کر دی تمہید
حیران ہے احوال سے ہر ایک کی فہمید
کیا پردہ سے باہر نکل آیا ہے وہ خورشید

خلقت جلی جاتی ہے پڑی آج تری دہوپ

نکلی جو مری آہ دہوان ہو بار جگر سے — تو روشنی جاتی رہی ہر ایک کے گھر سے
جون گھر کے کبھی ابر نہ یون برسے بر سے — تاریک ہوا دن مرے رونیکے اثر سے
جسطرح چھپا دیتی ہے ساونکی جھڑی دہوپ

جو چاندنی مین عرق پسینے مین ہو اکثر — وہ دہوپ مین نکلے کہو کسطرح سے باہر
اور دوسرے رہتا ہے رقیبونکا ادہر ڈر — اب دیکھیئے کسطور سے ہو وصل میسر
ڈر سے تو اڑے عنبر لب بام اڑی دہوپ

مین شیفتہ دلسے ہون جو شعلہ رخون کا — اور اونکے تصور مین ہون آتش مین سراپا
ہر داغ ہی خورشید قیامت سے زیادا — ہر کاشب تاریک مین داغون سے جو چھایا
اک حلق مرے سامنے کھاتی ہی کہڑی دہوپ

گل کھاکے تھی جو غم مین ترے غیرت گلشن — سو سو گیا ہے گور مین گلزار مرا تن
دل بھی مرا پر نور تھا غم سے ترے پر فن — ہے تیرے تصور سے مری قبر بھی روشن
ہی مہر جہانتاب سر ساتھ کہڑی دہوپ

دام مین لا کر جو پہڑا تا ہی وہ اسیر گلکو ہے — آج تک دیکھا نہین جو اڑ گیا ہو کھلکر پر
یون تو صیاد لیتے وہ پر توڑتا ہی گلکے پر — ظلم سے صیاد نے توڑے تو ہر بلبل کے پر
یہ کیا احسان کہ پہینکے جاتی اوپر گلکی پر

سب کو اک سودا اڑ جاتا اپنا ہے — سر گرفتار اجل دینے کو جان تیار ہے
زہر سے معصوم ہر نادان و ہشیار ہے — اڑکے ڈستی ہے دل عاشق کو وہ ناگن سی ہے
گو کہ ظاہر مین نہین پر وہسی خوبی کا کل کی ہے

اس سفر حال مین پھنس جاتے ہندہ نواز — سو گرفتار مین حاصل دسکو عز و امتیاز
بلکہ واجب ہے اوسے شکر خدا کے بے نیاز — دام گیسو مین پہلے کر سب کہا مین ڈالکر ناز

پہیان منہ سے کس طرح کرے میں نازک سنبل کے پر

رنگ گل کا بھی اوڑا تھا اسی غم کو دیکھ کر
اور لالے کے جگر پر بھی ہزاروں داغ تھے
آشیانے سے نکالا اسکو اپنے ہاتھ سے
دور لیجا کر چمن سے باغبان بیرحم نے

ہم بسمل کر کے پوچھے ہاے جب بلبل کے پر

تہا مقدور بلبل کا جو اوس سے دے عوض
پر یہ کہتی تہی کہ اب آئندہ اسکو دے عوض
پھر یہ کہتی تھی نہیں چاہتی اسے میں عوض
لب یہ اوس بیکس کے تہا یا ورنج آگر عوض

خلد میں غنچوں کی کلیاں اور برگ گل کے پر

دیکھ خط صنعت کیتو کو وہاں بھیجا شتاب
اوسنے اوسکے توڑ کر بازو کیا ایسا عتاب
کچہ جواب خط کے لینے کی رہی اوسمین نہ تاب
گر کبوتر سے شہیدی مانگی خط کا جواب

توڑ کے دکھلاتا ہے وہ اندر ہی کر کل کے پر

رہا نہیں لگا کہ وہ زلفوں میں اوبہری گات ہم
مارتے چہاتی پہ دونوں ہاتھ ہیں ہیہات ہم
ہیں تری تبلا کہ کاٹیں کسطرح اوقات ہم
وصل کی سو سو کریں تدبیر کو دن رات ہم

پر کہیں پاتے نہیں ملنے کی تیرے گہات ہم

کچ ادائی سے ہے اوسکی دل مرا جلکر کباب
ہر گہری سیدہی سنا دیتا ہے وہ کر کے عتاب
کچہ بن آتی ہی نہیں یہ دوستو ہے یہ عذاب
دے سے وہ کج خلق بدخو سیدہا نہیں جواب

گر کبہی سیدہی طرح اوس سے کہیں کچہ بات ہم

خط نہ بہونچا اوسکو یہ بہی تہا لکہا تقدیر میں
ہے عداوت دوستو تقدیر اور تدبیر میں
آرزو اپنی یہی تہی اس دل دلگیر میں
گر سماتا یہ بیان تحریر اور تقریر میں

اپنی سوز دل سے کچہ کرتے رقم حالات ہم

روز و شب پہرتے ہیں عشق میں در بدر اور جا بجا
کاہش غم سے ہلال آسا مرا تن ہو گیا
ہیں بنا اوسکے روز روشن بہی شب دیجور سا
معشوقوں کی ہے جدائی یہ قیامت اس سوا

عافیت سمجھے ہیں زیر آسمان آفات سے ہم

ہیں تصور میں ترے تیر ادا وہ مژگاں چوگان — غنچۂ دل میں کھٹک [illegible] اور رات
ایک تھا تم روبرو اس شب صحبت ہوا اور دل کو سا — تازہ ہو داغ جگر آتی یاد اس کی یہ بات

سیر گلشن کو چلیں حرمان تا رحلت ہم

رشک لیلیٰ روشن کر تیرے چلے جاتے ہیں ہم — ہجر میں واقف نہیں ہم [illegible] آہ داد کو
یہ تکلف ہے مگر جیتے ہیں غم کھانے سے ہم — پھرتے ہیں آوارہ مجنون اور دیوانے سے ہم

صاف بیگانہ نہیں ہیں آپ بیگانے سے ہم

کونسا ناداں ہی بیمار ہو جو آپ سے — ابتلا کی ناگہانی مفت اپنے سر لئے
میری جانب سے کوئی واعظ سے جا کر کہے — اختیار عشق ہے پرہیز سے ہم کو لئے

کیا کریں مجبور ہیں اس دل کے لگ جانے سے ہم

ہیں تو ہر کہتا ہوں ہو نکہ غم سے کو چھپائی یہ [illegible] — پر نہیں آتا قرار و صبر دل سے متصل
کیا کروں ناچار ہو نہیں دیر و تیری تحمل — گر ٹھہر سکتا درون سینہ پر صبر دل

ناصحا باہر ہوئے تیرے زبانی سے ہم

اسقدر مغرور ہے جو بن کے عالم سے وہ شوخ — ملتفت ہوتا نہیں ہے سارے عالم سے وہ شوخ
کیا کریں تدبیر جو آوے کسی قسم سے وہ شوخ — ہے خدا ناکردہ کچھ دل میں خفا ہم سے وہ شوخ

جان سے عاجز ہیں آج اور دل کے گھبرانے سے ہم

اسقدر جور و ستم تو نہ کیجے اے تند خو — جس کے سہنے کی کبھی انسان کو طاقت نہ ہو
یاد کر کے تیرے ابرو جور و ستم کو جنگ کو — ہو گئے ہیں مدت سے ہم تیری گلی کی راہ کو

آج آ نکلے تھے یہاں اس گلی میں بھکانے سے ہم

جبکہ آتا ہوش میں صحبت پہ کرتا تھا بیان — ہے کدورت سے ملتا لب یہ خرابات جہان
دین و دنیا میں سمجھتے اوسکو ہیں پیر مغان — دور مخمور سے حرمان ہیں ہمارے مستیان

مجھے کشش میں ہمائی کو شہر کی جانے سے

یہ جو میں ناتواں ظاہر ہوں درد نہانی سے
کہ لب تک جان آ پہنچی ہے زور ناتوانی سے
ہوا ہوں سخت ہی نادم میں اپنی سخت جانی سے
رہا افسوس میں جینا عبث گو مر ہی جانی سے

غرض اب موت بہتر ہی ہے میری زندگانی سے

اثر عشق نازنیں سے ہوں کلک تن سو گیا تنکا
نزاکت کی تصور سے اور اسکو بیمار تھا
سبک ہوں سب کی نظروں میں اب ہم کہو غیر کیا
یہ لاغر ہوں فلک پہ لے اڑا اک آہ کا جھونکا

ہوئی حاصل مجھے معراج اپنی ناتوانی سے

رکھا شور و فغاں نے ہمسایوں کو سونے بھی
ہوا اکثر میں ناحق کشتی مردم ڈبونے سے
ملا کیا فائدہ رو رو کے اپنی جان کھونے سے
یہاں تو آتش دل اور بھی بھڑکی ہے رونے سے

غلط ہی یہ جو کہتے ہیں بجھی ہی آگ پانی سے

غم فرقت میں یہ حالت ہے جس شخص کی شب بھر
قلق دل میں جگر پر داغ اور آہ و فغاں لب پر
زمیں پر لوٹتا ہو جب تلک بر میں نہ ہو دلبر
تسلی ہو نہ جس مضطر کی قاصد خط کو بھی پا کر

بھلا کب چین آوے اسکو پیغام زبانی سے

یہ جوہر اوس میں آتی ہے کر دل نے سکا بیان کیا
کہ زخمی جسکی جنبش کا کبھی ہرگز نہیں جیتا
تو ابھی چشم ہی ایسی جگہ بس جان کا کھٹکا
نگیں کی سطر سے نقشہ وہ اوسکی تیغ ابرو کا

کہ آتی ہے صدائے الاماں بہزاد و مانی سے

نہ تنگ آسمان پھرتا ہے منہ کو اپنے پھیلائے
نہیں یہ چھوڑتا ظالم جو اسکے دام میں آئے
کوئی اے غافلان اہل دنیا کو یہ سمجھائے
وہیں فی الفور وہ دریائے غم میں غرق ہو جائے

حباب آسا کوئی پھولے جو دم بھر شادمانی سے

یہ صنعت کیطرفہ سی آفریں کو کوئی سمجھاتا
تو اگر قصہ خواں بنکر بھی اوسکی پاس ہو جاتا
تو وہ عیار ہے اور نکتہ داں ہے اور بڑا دانا
نہ کہہ اوس فتنہ دوراں کے آگے دل کا افسانہ

وہین سوجائیگا وہ آفرین تیری کہانی سے

فقط آنسو ہی نہ اے چشم تو ہر بار نکال — جسمین یاقوت ہون وہ موتیون کا ہار نکال
اب فوارا ہی نہ سیراب مژہ زار نکال — اشک تر ہی نہ دم رخصت دلدار نکال
لخت دل ہی تو کوئی دیدۂ خونبار نکال

جیتے جی اوسنے کیے مجھہ پہ تو گو ظلم شدید — لیجیے اوسکا عوض یہ تو ہی عاشق سے بعید
کی رعیت یہ دم نزع بھی کرکے تمہید — ہو گئی شرم اوسکو جو یہ کہنے لگے کیسا شہید
ہمنشین نعش مری مت سر بازار نکال

آپسے مین تو نہین کہتا ہون اپنا جوہر — تو وہ دلکو یہ کرتے ہین مشبک دلبر
مثل جو زنگ کے سینہ کو بھی کر ڈہیر سپر — تیر مژگان نے تو چہانا ہے کلیجا یکسر
توبھی جوہر کوئی تیغ نگہ یار نکال

کچھ شکایت نہین مجھکو جو نہین تم سے ملتے — نہ کیا اسکا بھی شکوہ کہ جو غیرون سے ملے
کام عاشق کو ہے دلبر کی رضاجوئی سے — ہوگئی ہے ترے ہر ظلم کی برداشت مجھے
ظلم اب اور نیا دیدۂ خونبار نکال

کیا صنعت نے کہ خط لکھنے مین کچھ کر ایجاد — تجکو ہر طور کی رنگین عبارت ہے یاد
لیکے نرگس کے قلم گل کے ورق پر استاد — دور اوس عارض گلبرگ سے تو ہی آزاد
نامۂ شوق مین طرز خط گلزار نکال

فراغت اونکو وہان ہوگی جنہین یان تنگدستی ہے — یہان مفلس وہ رہتا ہی جو کرتا حق پرستی ہے
وہان اوسکو سزا ہی یان جو کرتا عیش و مستی ہے — عجب ڈہب کی یہ دنیا بھی خراب آباد بستی ہے
کہ پستی یان بلندی ہی بلندی یان کی پستی ہے

کھلیگا بند وان چلی جاؤ نہین ویرانہ بستی ہے — سواریکی نہین حاجت جو تمکو تنگدستی ہے
ادہر جنت مین ہاتھی مرغ و زنگی خوب سستی ہے — مزے دیکہون تمہین اے ساکنان ملک ہستی ہے

عدم کی راہ سیدہی ہی بلندی ہی نہ پستی ہے

بغیر از یار کے دنیا مین کیا جینے کی لذت ہے
فراق اسکا مین کیا کہون جو کچہ دل کو اذیت ہے
سکے دیتا ہون قاصد یان تلک تجکو اجازت ہے
وصال اسکا عوض مرنیکے گر ٹہرے غنیمت ہے

متاع وصل جانان جان دینے پر بہی سستی ہے

حماقت سے بہی ہم اپنی دانائی پہ مرتے ہین
کہ یعنی قول پیغمبر سے بہی ہم درگذرتے ہین
نہین ہوتا ہے کچہ حاصل مصیبت مفت بہرتے ہین
حصول جاہ کی تدبیر جو ہم لوگ کرتے ہین

ہماری سعی باطل دیکہکر تقدیر ہنستی ہے

یہ دنیا مزرعۂ آخرت ہے اسمین تم نکوئی کر
جو بوئیگا وہی کاٹیگا ہے یہ قول پیغمبر
کہا صنعت نے سب سے تو تماشا یہ کبھی نہ کر
سمجہ ہر ایک کو ہشیار ہم آئی ہوی یان اخر

بچشم غور جب دیکہا تو متوالونکی بستی ہے

کاٹ ابرو مین جو ہے سو وہ خنجر مین نہین
چشم فتان کا جو عالم ہے وہ عبہر مین نہین
تاب عارض کی سی ہرگز ماہ انور مین نہین
اور رنگت اسقدر یاقوت احمر مین نہین

نازکی جو لب مین ہے برگ گل تر مین نہین

بے وصال یار تو یہ عمر ہوتی ہے تلف
بنگیا ہے جسم میرا تیر فرقت کا ہدف
التجا میری یہی ہے تم سے یا شاہ نجف
کسطرح مین اوڑکے جاؤن کوچۂ جانان کی طرف

طاقت پرواز میرے بال و پر مین نہین

بات سیدہی ہے پر ہو وہ سیدہی ہی بالعکس
وعدۂ فردا ادا جسکا ہو بارہ برس
کیا کرین ناچار ہین چلتا نہین اپنا ہے بس
راست قامت تو ہی پر ہے کج ادا اسکا کہ بس

راستی کی بات ہرگز اوس ستمگر مین نہین

تنگ و تاریک ایسا دنیا مین کوئی کوچا نہین
وان دل گم گشتہ کو ہم نے کبہی دیکہا نہین
کالا پانی جو گیا وہ تو کبہی چہوٹا نہین
زلف مشکین مین پہنسا جو دل تو وہ نکلا نہین

پیچ و تاب و پیچ میں جو ہی وہ سنبل تر میں نہیں

عرض کی یہ حضرت موسیٰ سے پوچھیو اسکا مزاج — زندہ کر دینے کا حضرت آپکے سر ہی تاج
کچھ جلانیکا ہمارے یاد ہے تمکو علاج — کشتگان تیر مژگان تیری یہ کہتے ہیں آج

نوک مژگان میں ہے یہ تیزی کہ نشتر میں نہیں

بندہ پرور جسکو تم دیکھو چشم سحر باز — تو وہ ہو بدمست اور ہشیار او دیا امتیاز [?]
یہ خوشامد سے نہیں کہتا ہوں میں بندہ نواز — چشم میگون میں نشہ ہے جو تری اے مست ناز

سچ اگر پوچھو تو یہ صہبای احمر میں نہیں

لو صنعت آفرین تمنے لکھی اچھی غزل — آپ کے دیوان میں دیکھی ہے کم ایسی غزل
سچ کہا تمنے نہیں کچھ بے سبب اچھی غزل — وصف دندان سے ہوئی جو آبدار ایسی غزل

اسطرح کی آب صوفی [?] سلک گوہر میں نہیں

قتل کا خوبونکو سکھلاتا ہے جوہر آئینہ — دیکھتے ہیں وقت آرایش کے دلبر آئینہ
کوئی اسصورت نہیں ہی دیکھتا پر آئینہ — چپکے کی کیا سیر کل اوسنے جو لیکر آئینہ

دیکھتا تھا عالم اپنے وہ مسی پان کا

دیکھتے ہی عکس اپنا ہو گیا وہ بیقرار — کوئی ایسی شکل دیکھی تھی نہ اوسنے نہار [?]
حوصلہ یہ تھا اوسیکا جو لگائی اتنی بار — یعنی پہلے دیکھ کر سو ہوکے پھر لے اختیار

آپ بوسہ لے لیا اپنی لب و دندان کا

دیکھا ہی صاحب توقیر کو پلٹے کھاتے — اونکی سب منصب و جاگیر کو پلٹے کھاتے
یہ پیشانی کی تحریر کو پلٹے کھاتے — نہ ہنسو دیکھکے تدبیر کو پلٹے کھاتے

دیر لگتی نہیں تقدیر کو پلٹے کھاتے

اسنے ہر ایک کمینے کو بڑہایا دو تا — ادنا اعلے ہوئے اور ہو گئے اعلی ادنا
جو سب ٹکو میں اسکو ہوا لیکن صلا [?] — بخت برگشتہ عاشق نے نہ کہایا پلٹا

عمر گذری فلک پیر کو سلجھے کہاتے

ایک تو آ گئے ہی اوس زلف کا سودا تھا مجھے
دوسرے دلکو بکھرنے کا بیان کیا کیجے
اور بیمار پریشان سا بیٹھا تھا اوس سے
ساتھ سنا لوٹ گیا دیکھکے سینہ پہ مرے

یادسے زلف گرہ گیر کو سلجھے کہاتے

یا تو وہ لطف و عنایات و کرم ہم پر تھے
یا مری شکل سے بیزار وہ بیوجہ ہوئے
یعنی اکدم کی جدائی نہ تھی منظور اوسے
یون نظر یار کی پلٹی کہ نہ دیکھا سینے

اسطرح برق کی شمشیر کو سلجھے کہاتے

اسلیئے دل یہ ہوا اوسکی نگہ کا گھایل
وہ تو ہرگز نہوا تمسی مین اب ہون سایل
یعنی اوس شوخ کی فتراک کی ہوسے قایل
دل بیتاب نہ دیکھا تو و یکھو بسمل

نہ ہ خنجر کسی نخچیر کو سلجھے کہاتے

اعتبار اوسکو ہوئین قول کا کیسے زنہار
کیا صنعت نے یہ خندہ تھین مکر اظہار
لاکہہ اقرار ہین پیہ سامنے اوسکو انکار
ای ظفر اوس سے نہ کر بات کہ دیکھا بار بار

اوس ستم عیار کی تقریر کو سلجھے کہاتے

تمہارے جانے سی کیا آنکھ پھر نہ آویگی
یہ عرض آپکی خاطر مین پر نہ آویگی
شب فراق مین مجکو سحر نہ آویگی
تمہاری آنکی جب تک خبر نہ آویگی

ہماری زیست بہی ہمکو نظر نہ آویگی

اوٹھائی رنج اور اندوہ کے گذرے اوسکو برس
زلیخا باولی کہتی تہی یہ ہر ایک نفس
اور اوسکو کرتا تھا مطعون کس ناکس
کسیکی چاہ نے ایسا کیا ہی تنگ کہ بس

طبیعت اب کہین بار دگر نہ آویگی

تری جدائی مین ہے عرض اے مسیح زمان
تو آشنائی سے گر چہوٹا ہمکو اے جان
بجز ترے کرے کون اس مریض کا درمان
سکے ہے مجسے یہ طولانی شب ہجران

کہ جی سے جاؤگے تم پر سحر نہ آویگی

پڑا ہی خط مرا پایا اوسنے کردئے پرزے
اب ایسی باتون کو سنتا نہین ہے کچھ جھگڑا
جواب خط بھی نہ پایا کہ اوسنے لکھو کر بھیجے
کچھ اوسکے آنیکی جلدی خبر سنادی مجھے
تسلی خط سے تو اے نامہ بر نہ آویگی

ہے دل کو بستگی غنچہ کیطرح شام و پگاہ
کچھ اسکی کیجیو تدبیر دوستو واللہ
قلق ہے جان پہ پژمردہ ہون بحال تباہ
شگفتہ ہونگے ہم مثل گل کے جب آہ
نسیم کوچۂ جانان ادہر نہ آویگی

ہماری ہو جیو اے ابر تو نہ دورسے لیکن
کہ لعل تیرے برسنے مین تو برستے نہین
وگرنہ ہم سمجھتے ہیں ابر و کہ برسینگے وہین
چہ آئے رونے پہ پر چشم خون فشان تو کہین
لز ایر
جہڑی جو تیری لگی اے چشم تر نہ آویگی

بہ روز نہ ملنا یار ہا او سکو کل صنعت
تو کرکے منت و زاری اوٹھانا اب ذلت
کہ تیری یار کو ہے ناہم بھی اثر سے نفرت
ہزار ہرو دل وسے کہیگا تو جرات
ولیکن اوسکی کبھی چشم پھر نہ آویگی

ہمنشین یہ تو شب ہی تیرے حکایت ہوگی
فکر کچھ اسکی تو کر ورنہ پہر آفت ہوگی
اوسکے ملنے سے مری زیست کی صورت ہوگی
کل وہ گھر جائیگا تو سخت قیامت ہوگی
جان جو رخصت ہوئی تن سے تو رخصت ہوگی

مجھکو اول ہی سے صحبت نہیں معشوقون کی
ہمنشین اس سے جواب ہوگی جدائی کیسی
نہ کیا اوسنے مجھے آزردہ کسی نے بھی کبھی
صورت اک ایک کی جب یاد مجھے آویگی
آہ اور نالہ سے کیونکر مجھے فرصت ہوگی

صبح گردش مین اسی کے گا وہ لالہ کی شکل
ہوگا بیتاب یہ جیون آگ پہ سیماب کی شکل
خوابمین بھی نہ یہ دیکھیگا کبھی خواب کی شکل
ہجر مین تڑپیگا جیسے ماہی بے آب کی شکل

حق تو یہ ہے کہ عجب دلکی حقیقت ہوگی

روشنی ہوتی ہی خورشید سی مہ مین پیدا
بس اسی شکل سے احوال ہے یارو میرا
ہو مقابل جو نہ اوسکی تو نہ پائے وہ ضیا
جبکہ وہ نور نظر آنکھ سی اوجھل ہوگا
پھر مری چشم مین کیا خاک بصارت ہوگی

ابتو وہ شوخ ہے مشکل سی ملتا مجکو
اسکی تدبیر تو ہمدم کوئی بتلا مجکو
پر جدائی کے تصور نے ہے گھیرا مجکو
یاد آئیگا وہ جب چاند سا مکھڑا مجکو
کیا کہون پھر تو عجب کچھ مری صورت ہوگی

آج کی رات رہی کاش وہ مہ میرے گھر
یا الٰہی رہے خورشید زمین کے اندر
مرغ کو ذبح کرون اور نہ بجنے دون گجر
کہتے ہین عزم سفر یار کا ہی وقت سحر
مجکو فردا نظر آتا ہے قیامت ہوگی

دلربائی کی تو وہ فن مین ہے گویا استاد
ہون جدا ایسی سے پھر کیون نکرون مین فریاد
یعنی ہر موقع پہ ہر بات سی وہ کرتا ہے شاد
بستر عیش پہ مل بیٹھنا جب آئیگا یاد
پھر تو ملنے کی ذرا مجھ مین نہ طاقت ہوگی

صنعت ایسا جو ملی یار پریزاد سے
ساتھ دشنام کی بوسہ بھی ہو امداد سے
یعنی ہر بات مین کرتا ہی رہے شاد اوسے
روز و شب کی یہ نشست آئیگی جب یاد اوسے
پھر تو اوٹھنے کی بھی جرأت نہ ہوگی

نہ اچھی شکل تھی اور نہ تھی بلکہ توقیر مجنونکی
نگریان عاشقون مین ہی بڑی تقدیر مجنونکی
کہ ہوتی جس سے لیلی ایسی دامنگیر مجنونکی
محبت اب تلک کہتی ہی یہ تاثیر مجنونکی
کہ بے لیلی نہین کھینچی کبھی تصویر مجنونکی

تمام عاشق جفا و جور معشوقونکی سہتے ہین
تو برسون مین کہین اک رات اونکی پاس رہتے ہین
جگر سے آہ اور آنکھوں سی آنسو اونکی بہتے ہین
یہ مر کر بھی نہین چھٹتے تعشق اسکو کہتے ہین

کہ بن لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی ٭

بظاہر دیکھیے فرہاد کی بھی سخت محنت کی — کہ کھودی نہر بھی اور جان شیریں اپنی کھو دی

پر اس پر بھی نہیں تصویر انکی ایجاد دیکھی — خدا جانے یہ کیا اسرار تھا اور کیا وہ حالت تھی

کہ بے لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی

دمن کے واسطے نل نے بہت سی خاک چھانی ہے — دمن نے بھی جو کچھ نل کو الفت کی جتائی ہے

سو دونوں کی کتابوں میں لکھی ساری کہانی ہے — نہیں ہے یہ محبت تو مگر راز نہانی ہے

کہ بن لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی ٭

اگر کہیے اکیلی ہیر رانجھو کو کھینچتی ہے — وہ لے تصویر دونوں کی اکیلی کس نے دیکھی ہے

مجھے حیرت تو ہے پر عقل میں یہ بات آئی ہے — مصور نے زلیخا کی قسم ایسی ہی کھائی ہے

کہ بن لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی

تعشق سسی اور پنوں کا بھی مشہور ہے گویا — مری روداد سینہ داد سپر پا یہ کیسا ہوگا

مگر دونوں کا ایک جا پر نہیں دیکھا گیا خاکا — مری بھی عقل حیران اس جگہ ہے یہ عجب نقشا

کہ بن لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی

ہزاروں اور بھی عشاق ایسے ہیں جو شہرت — کہ جنکو جانکا دینا تھا راہ عشق میں فرحت

کسیکی مثل مجنوں کب ہوئی ہے عشق میں قسمت — اثر یہ پاکبازی کا تھا یا اللہ کی قدرت

کہ بن لیلی نہیں کھنچتی کہیں تصویر مجنوں کی

آپ پر یہ تو نہیں بیٹھی ہے دلبر کرتی — کامرانی کی نثار اسکو نہ زر کرتی

یہ تو زنہار نہیں شہر کی دم بھر کرتی — ہے جو یکتا ہنر کی مہر و یہ شکم پر کرتی

کیا دکھاتی یہ زنجیر کا لنگر کرتی

آگ پانی میں ہے ضد بلکہ ہم نفرت سے ہے — ہاں مگر اربع عناصر کی یہ کچھ صورت ہے

کیا بیاں کیجیے اللہ کی یہ قدرت ہے — باعث ہے چشمۂ خورشید مجھے حیرت ہے

اسپہ اب ٹہری جاری شبنم کی یہ کیونکر کرتی

ایکمدت ہمین گذری کہ ہم استادہ کہین تھی
سو وہ امید بر آئی مدد طالع سے
اونچی ہو جاتی سی کرتی کی شکم کو اوسکے
دیکہ بیتابی سے ہم جھٹ پکڑ بیٹھ گئے

ساتھ انگڑائی کے جب وہ تھہ گئی اوپر کرتی

ہی صفائی کا یہ عالم شکم اور سینے سے
کہ جیسے دیکھنے سے پاؤن نظر کا پہسلے
یہی اندیشہ رہا کرتا ہی دلمین اوسکے
ناف کی چاہ مین جا پہنچ نہ الا نگرے

اسلئے پہنے ہے جالی کی وہ اکثر کرتی

کسطرح عقل مری چرخ نہووے یارو
رات دن چرخ جو گردش مین ہی کرتا مجکو
دنکو تارے نظر آوین نہ بہلا سوچو تو
چون کتان چاک گریبان مرا کسطرح ہو

چاند تارے کی جو پہنے وہ سمن بر کرتی

اشک تو ہجر مین جاری رہی عنابی سے
مردم چشم بہی بیکل ہوے بدخوابی سے
ہے تعشق جو اسی اک بت ہرجائی سے
مرغ دل دام مین تڑپا کیا بیتابی سے

دہیان مین اوسکی رہی جالیکی شب بہر کرتی

دل و جان صبر و خرد جسپہ کئے تو نے نثار
ملتفت تیری طرف کو نہوا وہ زنہار
صنعت دست دکہا اوسکو تو اب کی بار
شاید اس دام مین آجاوے ترے وہ انوار

لیچل اوس پاس تو جالی کی بنا کر کرتی

شربت وصل ہی گو اسکی دوا ہوتی ہے
مرض عشق سے پر کسکو شفا ہوتی ہے
جان اس خوف سے اب تن سے جدا ہوتی ہے
دیکھ حالت دل درد سے کیا ہوتی ہے

روح تمام شب فرقت سی جدا ہوتی ہے

ایک تو زلف کی سودے ہی سے جینا تہا وبال
یاس امید کا ہی دوسرے دلکو جنجال
مخمسہ مین ہون گرفتار عجب مین فی الحال
قطع امید نہ ہوتی ہے نہ ہوتا ہی وصال

اجل آتی ہے نہ محکو شفا ہوتی ہے

یہ بھی ہے جور ستم اوسے کیا کہیئے
لطف اور شفقت و اخلاق تو ہی ہاں کے
یعنی ہر بات مین کچھ ساتھ مرے ضد ہے اوسے
مین جو روتا ہون تو کہتے ہین مجھی غش ہنسی کی

جو کرے عشق سو اوسکی یہ سزا ہوتی ہے

جوبن اوس یار کا گدرایا ہوا ایسا ہے
کھلی پڑتی ہے بھی رنگ بدن اوسکا ہے
ہاتھ پر ایک شرر دیکھ جسے ملتا ہے
رنگ اوس شوخ کا شوخی سے جو اوڑتا ہے

پاؤن جس جا کہ یہ رکھتا ہے حنا ہوتی ہے

کہا صنعت نے کہ مالوم کہا اب بھی
اعتبار انکو نہین قول کا زنہار کبھی
بارہا آپکی خدمت مین ہی کی عرض یہی
برق پہنچاؤگے یا تو نہ بچاؤ اونکی

ہم سے دیتے ہین یا زاوو دعا ہوتی ہے

ٹھہرنے کی لئی لنگر گران تقدیر کا باندہی
طلاطم ہو تو اوسکے روبرو دست دعا باندہے
ستیک کھینچ کو کشتی کر نہ پانی جا بجا باندہے
مہردم بادبان کشتی پہ اپنی ناخدا باندہے

خدا کے کارخانے مین نہ یہ اپنی ہوا باندہی

نہین اعجاز یہ کچھ حضرت عیسی کا ذاتی ہے
یہان ہر دم صدائے قم باذنی اسی آتی ہے
صدائے قم باذن اللہ مردو نکو جلاتی ہے
لب جان بخش کر اسکے بھلا کب پیش جاتی ہے

مناسب ہے دم عیسی یہان اپنی ہوا باندہے

حبابونکا نہین دریا مین کچھ حال کچھ کھلتا
تو ہر دم یاد اوسکی بھولنا ہرگز نہین اچھا
اسی صورت نہین معلوم ہوتا موت کا آنا
نہین وقت معین کوئی جو دنیا سے جانیکا

یہان رخت سفر لازم ہے ہر شاہ و گدا باندہی

دوا اسو رکھی کر کرکے مری انکھیں ہو درپیش
یہ کہدو اوس سے ہی ہوتی ہے مفید ہر مرض مین
پریشانی اوٹھاتا ہی سبب ہی یہہ ہوتا ہے کے
مین عاشق زلف کا ہون گر مجھے تعذیر ہی

تو لازم ہے رسن مین زلف کی میرا گلا باندہی

مری آنکہون سی ہمیشہ جاری ہی وہ ہی کوئی دریا
یہ طغیانی سی جاری ہی ہماری چشم کا چشمہ
سمندر توڑ جہکا اور طوفان اسکا ہی بالا
اگر سد سکندر ہے تو توڑ جیسے مینہ اوسکا

کوئی دریا کی چشمہ تر کا پل باندہی تو کیا باندہی

زبس ہون صید لاغر قتل گہ مین اوسکی ہر بار
سو منع اوسکی یہ تدبیر کی ہی اوسکو تم سُن لو
یہی خوف وہ مجکو کریگا قتل کا پہلو
مین خواہان خنجر قاتل ہون اجی جو ہیت مرا ہو

بجای حرز بازو پر مرے آہن رُبا باندہی

سواد ہند مین جو ظلم کی اوسکی یہ ہی شہرت
پہنسا ہی دل مرا ایسی جگہ یہ کیا کہی صنعت
کہ جلاد فلک کو بہی ہی جیسی سی گہڑی وحشت
مین عاشق اوسکا ہون جو شوخ خیلم بسا ہی و

رسن گردن مین آہوی ختن کی بہجا باندہی

کوئی دیکہا ہی منہ کا بتو نہین اس تجمل کا
دوات کم شگفتہ غنچہ ہی اور سوت سنبل کا
مطلع
کہ ہو اسباب رنگین اسقدر جسکے توغل کا
قلم ہی شاخ گل اور جا ہی کاغذ ہی ورق گل کا

خط گلزار مین لکہتا ہون قصہ عشق بلبل کا

خدا کے گہر کا ہی ایدل وہ خاص خانہ زاد
سو کون شیر خدا جبریل کا اوستاد
مطلع
نبی کا قوت بازو برادر و داماد
صفت ہین اوسکی تو لاکہو نہ بیش سی ہی زیاد

کسی کہ مولد او خانۂ خداست علی است
پس اہلبیت خدا و ہم اہلبیت نبی است

خوابین ہی وہ آتا کبہی دلدار نہین
کاش مرجاؤن یہ جینا مجہی درکار نہین
اور در یار مین اب اوسکے مجہی بار نہین
قطع امید ہوئی وصل کے آثار نہین

ہان وہ فرماتے ہین اکبار تو سو بار نہین

ہوئی اس سرکی ترکیب اگر خاطر خواہ
تو زیبا نہین ہوتی کوئی شی اسکی بہناہ

اسقدر بے سرو سامانی پہ سبحان اللہ — چرخ کے سات توہی توڑ گیا تا نوک آہ

سرنہیں پر نہیں پیکان نہیں سوفار نہیں

تھا مزاج اپنا بہی وسرآئینہ رخ کی صورت — دم مین ہوتا تہا مکدر مین یہی تہی عادت

یا وہ ہی مین ہوا ایسا دیدہ ودلکی دولت — صاف آداب محبت ز اوڑادی غیرت

یار بیزار ہی مین یار سے بیزار نہین

مجکو بہی بچپا یا دربار پہ غمخواروں نے — اور سفارش کی بہی ٹھہرائی مری یاروں نے

کہا دہکا کے یہ دربان ز اور عیاروں نے — کیون لگائی ہی یہان بہیڑ خریداروں نے

کوچہ یار ہے یہ مصر کا بازار نہین

منفعل ہو ہلون کر ہمیں یہوتا اپنی خطا — دور ہی پاس ادب سے جو کردن اسکا گلا

اپنے نزدیک تو صنعت ہے خوشی اولا — یار کہتے ہین کہ کم بخت خطا تو بتلا

کیون رسا محفل جانان میں تمہی بار نہین

یہ کشتی سے طوفان نے جوش مارا — ملی جسکی تباہ اور نہ پایا کنارا

کیا ہجر نے حال ابتر ہمارا — رساند خبر کیست آن آشنا را

کہ طوفان گریہ کند غرق مارا

کہیں بہی سنا ہے بہم کفر اور دین — کہین ضد کی چیزین یہ باہم نہ دیکھیں

مگر یہ کرامت ہے اسکے دہانکی — بپیش تو شرمندہ فرہاد و شیرین

لب تو شکر جادلت سنگ خارا

تیہا جیسی تہا آب طوفان کا بیم — یہ طغیانی تہ بہی ہوئی تہی بہت کم

دکہاتے ہین وہ سیراب آپ کو ہم — زد الشد بہجر تو چشمہ ز چشم

بیاد بیلین طرفہ تر ماجرا را

قیامت کرے ہے وہ رشک مسیحا — جو ٹہوکر سے مردہ نکو زندہ ہی کرتا

کہان کی قیامت دم صور کسکا | بہر رنگ خود سکند حشر بر پا
تحبث کردید نام رنگ حنارا

کرے ہے کوئی اسلیئے می پرستی | کہ نشہ نہین اوسکے کرین عیش و مستی
مجہے تو یہی ہے بڑا لطف ہستی | ز عشاق دنیا برم ہیشہ ستی
خدارا بیا در برم اے خودآرا

مجہے جسکے اسباب کو ہے بڑا غم | کہ نسبت سے ہے ماہ کی مجہپہ برہم
سو دلمین ہے جاکر کہون اوس سے ہمدم | چہ تاب ار بترا ماہ پارہ بگویم
چہ نسبت ببو ماہ بیدست و پارا

نہین سو جہتا اب بہین اسکا چارہ | کہان جائیے اوس سے کرکے کنارہ
نہین دیکہیں بن اوسکی صنعت گذارا | بہ نیم نگہ ساخت دل را دو پارہ
عجب صنعتی کردی پر لصارا

ہیزہ یہ زلیست اپنی تیری ریسی کٹی | ہر گہڑی ہر پل ہمین تو اشکبار ایسی کٹی
یون تو اپنی عمر سازی بیقرار ایسی کٹی | کل شب فرقت ہماری کیا غبار ایسی کٹی
کچہ کٹی زار ایسی کچہ اختر شمار ایسی کٹی

دل دیا جسدن سی تجکو او غفلت شعار | یا ترا رہتا ہے اکثر یا اجل کا انتظار
ہوگی اب ناچار کٹتا ہون بحال اضطرار | کچہ وصال اور وصل مین اپنا نہین ہی اختیار
زندگی اپنی بہت بے اختیار ایسی کٹی

یاد ہی یان جاگئی سو نہین تیری سیمبر | تو بدے اعتبار سے یا درفراموش اب اوسکر
اور کبہی ہمکو نہین تم یاد کرتے بہول کر | آپ نے ہمکو کیا دل سے فراموش اسقدر
اور ہمین ہر پل تمہاری یادگار ایسی کٹی

زلف کی سود ہمین اپنی تو زندگی بہی بپال | ہر شب تاریک مین رہتا ہے مجکو خیال

یا تو اوسکا وصل ہو اب یا مرا ہو وے وصال
کچھ نہ پوچھو دوستو فرقت کی بیمارونکا حال
دن کٹا نالہ سے اور شب بیقراری سے کٹی

سو طرح کی رنگتین بدلا کیے لیل و نہار
آرزو اپنی برآئی پر نہ اوس سے زینہار
جب سے اوسکی چشم کا بیمار ہون ہمین اشکبار
ایکدن بھی کی نہ پوری ہمنے حسرت شکل یار
مثل نرگس عمر اپنی انتظاری سے کٹی

شامت اعمال ہے یہ کیجیے کسکا گلا
ہو گیا محکوم جو مین نفس و شیطان کا
کیا کہون ایسا ہو انکا دھیان [illegible] گیا
مر گئے لیکن نہ کی افسوس کچھ یاد خدا
عمر کٹنے کو کٹی پر شرمساری سے کٹی

آہ صنعت رندی و مستی تری تا کے
دن بسر کرتا ہے اپنا تو بجا کر چنگ و نے
رات کو بدمست رہتا ہے تو پی پی کے مے
حیف ہے صد حیف ہے افسوس صد افسوس ہے
زندگی طالب تری بے اختیاری سے کٹی

مبادا اس سے ہو صدمہ کسی سرو چراغان کو
دیا آسیب ہو شاید کسی سیب زنخدان کو
تو اب ناچار ہو کر جسم کے اپنے بیابان کو
جلایا آپ ہمنے ضبط کر کر آہ سوزان کو
جگر کو جسم کو پہلو کو دلکو سینہ کو جان کو

مکان ہے جسم مین مہمانکی لائق تو فقط اک دل
سو وہ بھی تنگی جا سے نہین رہنے کی کچھ قابل
مجھے گو کثرت مہمان سے ہو تکلیف بھی حاصل
جگہ کیونکر نہ دون دلمین تری یا تو نشتر قاتل
کٹاریکو چھریکو بانک کو خنجر کو پیکان کو

تعشق مین یہی یارو حواس خمسہ اپنے ہین
جدا ہوتے نہین اکدم کو ہم ممنون انکے ہین
رفیق و غمگسار اپنے نہین یہ آجکل سے ہین
ہمیشہ کنج تنہائی مین ہم مونس سمجھتے ہین
الم کو یاس کو حسرت کو تنہائی کو حرمان کو

اگر ہو جو حضرت یار ہی سے ہمسری کوئی
وہ جیتا ہے اوسیکو دیکھکر جس پر مرے کوئی

بغیر از یار کے تو موت ہی کی دن بے بہر کوئی — منہ جب تو ہی او ساقی بھلا پھر کیا کرے کوئی

ہوا کو ابر کو دریا کو مے کو سیر بستان کو

کہا صنعت نے فرقہ دیو کا ناری مقرر ہے — فریق حور و غلمان نور سے مخلوق یکسر ہے

یہ خاکی ہے و لے لفظ خلافت سے مشتہر ہے — بنایا از پئے مظہر انسان ہی کو خالق نے بہتر ہے

ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلمانکو

عزت اغیار کو حاصل کبھی ایسی تو نہ تھی — اور صحبت بھی یہ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

خوے بد بھی تری قاتل کبھی ایسی تو نہ تھی — بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی

جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

ایک دم بھر بھی تجھے چین نہیں ہے زنہار — مرغ بسمل کیطرح تڑپے ہے کیوں ای دل زار

فکر میں اوسکی کروں جسکی تو کچھ کر اظہار — لیگیا چھین کے اب کون ترا صبر و قرار

بیقراری تجھے ای دل کبھی ایسی تو نہ تھی

روشنی مہ میں ہو خورشید سے جیسے پیدا — یوں ہیں معشوقونکو عشاق بھی دیر میں چمکا

یہ بہ حیرت ہے نہیں تو نے یہ اب تک سمجھا — عکس رخسار نے کسکے ہے تجھے چمکایا

تاب تجھ میں مہ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

مثل نرگس مجھے حیرت ہی ہوی ای گلرو — نہ تو کچھ میں ہی بنا ہوں نہ بنا ہے کچھ تو

بیمار کی نظروں سے اب دیکھا جو تو نے مجھکو — تیری آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو

کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

زلزلہ کیوں ہے زمیں پر یہ میں حیرت میں ہوں — کوئی اب عاشق بیتاب ہوا ہے مدفون

بیقرار ایسے تڑپتا ہے کوئی یا محزون — یا مرکو بان کوئی زندہ نہیں بنا ہے مجنون

آئی آواز سلاسل کبھی ایسی تو نہ تھی

چشم امید بھلا اوس سے مجھے تھی کسدن — کھل نہ تھی جسکو شب روز مری ایذا بن

حال پر ترس کے مر کیا نہ تھا یہ ممکن	چشم قاتل مری دشمن ہے ہمیشہ لیکن
جیسی اب ہو گئی قاتل کبھی ایسی تو نہ تھی	
دل گیا پہلو سے اور جان پر آئی تکلیف	کیا یہ عاشق کے لئے حق نے بنائی تکلیف
بار ہا عشق مین دل کھو کے ہے پائی تکلیف	ایکی جو راہ محبت مین اوٹھائی تکلیف
سخت ہوتی ہمین منزل کبھی ایسی تو نہ تھی	
یا تو اغیار کی اغوا سے ہوا ہے بیدل	یا وہ خود آپ ہی دل سے کبھی پر مائل
کچھ یہ عقدہ نہین کھلتا ہے نہایت مشکل	نگہ یار کو اب کیون ہے تغافل اے دل
وہ مرے حال سے غافل کبھی ایسی تو نہ تھی	
روٹھنا ہر گھڑی ہر بات پہ کرنا تکرار	خالی علت سے نہین ہین تو نمانون نہار
ہی یہ انداز شاید ترا صنعت سے پیار	اے سبب کیا جو بگڑتا ہے ظفر سے ہر بار
خو تری جور شمائل کبھی ایسی تو نہ تھی	
جب تنگ ہوا وعدہ وہ جا سے اونکے	ہٹ مینے کیا محرم اسرار سے اونکے
کچھ فرق بھی ہے وعدہ مین انکار سے اونکے	حاصل ہوا کچھ بھی اقرار سے اونکے
محروم رہے آج بھی دیدار سے اونکے	
ہر چند کہ کہتے ہین یہ ذرات کہ وہ وہ	اور روشنی ہی کہتی ہین دونون وہ اگر سو
لیکن نہین ممکن کہ ہون تشبیہ مین یکجو	اور ترے ہوئے ہین چرخ پہ خورشید و مہ نو
اعجاز رخ و ابروئے خمدار سے اونکے	
کیونکر نہ بھلا کیجیے انہین ہند کے ساحر	انکو دل و دین دیکے کو ہم ہو گئے حاضر
کیا کھینچئے کہ ہے سحر کی تاثیر یہ ظاہر	کافر ہے کیا عشق بتان نے ہمین آخر
تار رگ جان کھنچ گیا زنار سے اونکے	
صد چاک دل اور درد کیا کرتا ہے شانا	اور حال پریشان لہو آنکھون سے بہانا

خنجر جانانہ بدمستی کے ذرا ہم نے بچانا
ہر رات ٹہرا ہے مجھے کاٹ کے کو کھلانا
کیا عشق ہوا طرۂ طرار سے اپنے

ہر چند یہ کہنے کو بڑی بات بنائی
پر جھوٹ نہیں خلق یہ روشن ہے ہیہائی
کم تر وہ سہا سے بھی تو دیتا ہے دکھائی
خورشید قیامت نے کہاں تاب یہ پائی
ہم چشمی کرے روزن دیوار سے اونکے

ہے سینۂ عشاق تو معشوق کا تودا
اور تیر مژہ کا وہ ہدف روز ہے ہوتا
یہ حسن کے نیرنگ کا دیکھا ہے تماشا
ہے سرخی پان لب معشوق میں ہوگا
ٹپکے ہے یہ خون تیر کے سوفار سے اونکے

فرحت تو اوڑا دی ہے تھی دل انکی بالکل
اور ہو لگی ہے بیٹھنے میں تہا ہی تامل
رونے کی جگہ ہے یہ کرے کیونکہ تحمل
گل کہاں تھی بلبل نے جو چہٹا وطن گل
بو بھی ستم آتی ہے چلی ہار سے اونکے

صنعت جو ہو غم بیش اوسے کیجئے گوارا
کچھ بن نہیں آتا ہے ضعیفی کا تو چارا
تنہا فقط ایسا ہی نہیں حال ہمارا
کرتی ہیں اب انسان ہی سلیمان سے کنارا
یا فخر تہا پریونکو کبھی پیار سے اونکے

دشمن تھی محبت جو ستمگار سے اونکے
تھی یاس جنہیں خواہش دیدار سے اونکے
حاصل وہ ہوا طالع بیدار سے اونکے
کیا ہاتھ لگا مصر کے بازار سے اونکے
پوچھے کوئی یوسف کو خریدار سے اونکے

تو ہو ات چشم اور گریہ کیا طوفان بن میرا
کہ جسمیں ہو گیا ہے غرق گردن تک بدن میرا
نہ آیا کام ہرگز تیرنے کا کوئی فن میرا
نمایاں آنسک میں ہے نیلوفر آسا دہن میرا
ہوا گریہ کی دولت عین دریا میں وطن میرا

دو فور زور وحشت ہو گیا ہے سہم گل میں
سراسر گیا ہے فرق ہی صبر و تحمل میں

جو املتا ہے شاید اوسکو میرے شور و غل میں — کیا ہے اسقدر پابند جو زنجیر کاکل میں

خوش آتا اوس پری کو ہی مگر دیوانہ پن میرا

بھلا سرو چراغان کو میں اپنے خاطر میں لاتا ہوں — کھلے گل جسم پر میرے پر طاؤس سے افزون
بجا ہی آپکو گر مالک رو رخ سی نسبت دون — فراق آتش مہر رخ جانان سی جلتا ہون

بنا خورشید محشر سی پر اک داغ کہن میرا

نہ خوف محتسب ہے اور نہ کچھ ملکوں سی ڈرتا ہوں — طریق عشق میں شیخ و برہمن جب گذرتا ہوں
طواف کعبہ و بتخانہ میں یکسان ہی کرتا ہوں — جہا تمین جسقدر معشوق ہین سب پہ مرتا ہون

گروہ عاشقان مین کچھ علیحدہ ہے چلن میرا

پھرا ہوں دوڑتا میں تو بیابان وادی ہامون — نہیں ہتا بدن پر تار کپڑے کسطرح پہنوں
ہوا ہی خوف ناصح کا تو اب جاتا رہی مجنون — بدن پر عالم دیوانگی میں خاک ملتا ہون

ہوا وحشت کی بخشش سی ہی خاکی پیرہن میرا

یہ صنعت نے کہا غمخوار تمکو جانئی حافظ — نہیں کچھ جھوٹ اسمین یہ راست اسکو مان لے حافظ
نہیں کچھ چاہتا تو گو نسی پا کچھ الیسی حافظ — شب و روز اس تمنا میں ہی سعی نظم ای حافظ

کہ بعد از مرگ دنیا میں ہی قائم سخن میرا

مشفقے آنکو کہ آرد آن ستم ایجاد را — یا بہ پیش او برد بہرہ من ناشاد را
مرغ دانا را خموشی در قفس ہم لازم است — این ہمی باید کہ آزردہ کند صیاد را
ہیچ میدانی چو ناید یار بر سرو چمن — زانکہ سر ہم بار باشد ہر دم آزاد را
میشود بر باد در فرقت ہوا خواہ شما — ای صبا از من بگو آن خانہ آباد را
یارب اندر دام آن بیداد گر افتادہ ام — ہر کہ آموزد جفا با طرز تو جلاد را
پیش بیگانہ و خویش گویم حسب الحال خود — ہر کہ آن انصاف دشمن نشنود فریاد را
جان شیرین داد صنعت تن بخسرو در گذاشت — بر سر خسرو نزد تیشہ چہ شد فرہاد را

مهر تو گر روز و شب هرچند گردد آفتاب / نیست ممکن بهره یاب وصل گردد آفتاب

نیست او را چشم و بینی نه دهن نه دست و پا / پس چگونه ای پری مثل تو باشد آفتاب

چونکه بردارد نقاب از روی خود محبوب من / بی تکلف کمتر از ذره نماید آفتاب

زین سبب شکل پیاله مهر پیدا شد مدام / تا که او در ساغر خورشید نوشد آفتاب

مهر او گردند و می‌جویند بهرام و زحل / مشتری و ماه و زهره هم عطارد آفتاب

روبروی تاب او هرگز نمی‌گیرد قرار / روز و شب از صولت او می‌گریزد آفتاب

گفت صنعت در شب وصلش بقول شاعری
یا الهی تا قیامت بر نیاید آفتاب

آن ملیح تند خو بر گریه‌ام خندیده رفت / بر جراحت‌های من مشک و نمک پاشیده رفت

همنشین از من چه می‌پرسی که جای مرگمان است / او به پیش من مزاج غیر را پرسیده رفت

گر نه دزدد دلم از پهلوم آن دلربا / پس چرا ای همنشین از من نگه دزدیده رفت

از دو بالم کی رهد صیاد من ای عصفیر / در قفس انداخته بال و پرم ببریده رفت

شور فریاد و فغان هرچند بنمودم ولی / آن بت مغرور هرگز عرض من نشنیده رفت

گفتم از سودای زلفت صد پریشانی مراست / سوی من نگرید و از غصه بخود پیچیده رفت

صنعت و فرهاد و مجنون پیش او تشنه شدند
در قمار عشق هر یک نقد جان بازیده رفت

تا عرش پرید و پر ندارد / جز ناله کس این هنر ندارد

صد حال بحال آن اسیری / صیاد از او خبر ندارد

دارد سر عشق آن ستمگر / بر دوش کسی که سر ندارد

گویم چه درازی شب هجر / تا شام دگر سحر ندارد


او سیمبر است و عاشق زار / صنعت چه کند که زر ندارد

کرا مجال به پیش تو عرض حال کند
دهی به تیغ جواب ار کسی سوال کند
وصال یار میسر نمی شود گاهی
در اشتیاق اگر عاشق انتقال کند
مدام خاطر آشفته باشد عاشق اگر
بسوی زلف تو در خواب هم خیال کند
ز کور چشمی خود میل دیدنش دارد
بشیخ گو که نه این دعوی محال کند
کند چو نقشهٔ آن رشک ماه نانی بهزاد
چه طاقت است مگر مشق چند سال کند
بماه من نرسد هیچ گو مه خور را
بشکل بدر کند گاه که هلال کند
چو گفتمش که مرا گریه لاحق است بهجر
بخنده گفت که دار وی آن کحال کند
شنو بنا بر تفریح از پی گلگشت
چو قصد با غچه آن سرو نونهال کند
شود ز رنگ مسی سرمه در گلو سوسن
ز رشک لعل لبش گل زبان لال کند

همین دعاست که سرسبز مزرع صنعت
طفیل پنجتن آن رب ذوالجلال کند

امشب اندر خانه ام مهمان مگر مغرور باشد
بشنود تا در دو عالم از من صدای دور باشد
دیده و دلبسته عاشق بر دل آزاری شدی
بایدت اکنون دلا در رنج هم مشهور باشد
آرزویش روزی بیگانه آن بت مغرور را
در تلاشش او د لا مصروف تا مقدور باشد
رشک می آید مرا چون هر کسی بیند ترا
زانکه میخواهم مرید در دلم مستور باشد
از جهان افتاده ام دور و براه دلبری
او بوقت وصل میگوید که صنعت دور باشد
بر نیامد از تو امید یکه دلبر داشتم
ای تقربانت روم ناچار دل بر داشتم
من ز چشم افتاده پیش مردمان گر بود
گریه ای همچشم طفل اشک ابتر داشتم
گفت بلبل الفت گل از قفس کمتر مرا
از چمن بهر بریدن قصد اکثر داشتم
لیکن ای صیاد مثل ماهیان و سیف بیر
طاقت پرواز نتوان شد مگر پر داشتم
دل ز راه چشم من آید بی آرام او
سایهٔ مژگان صنعت دیده تر داشتم

تمت



بسم اللہ الرحمن الرحیم

لکھوں توحید رب العالمین کی
ثنا کی جسنے کل دنیا و دین کی

ہوا وہ بحر وحدت جوش زن جب
مرتب ہو گیا کون و مکان سب

وہ یکتا ذات جب کثرت میں آئی
بنی نیرنگ سے رنگین خدائی

وہ روشن نور قدرت اوسکا یاں ہے
کہ جسکا پرتوہ کون و مکان ہے

سو کثرت میں [illegible] وحدت نے جب جوش
ہوئی تنزیہ سے تشبیہ ہم آغوش

ہوا وہ گنج مخفی جب ہویدا
کیا ہژدہ ہزار عالم کو پیدا

کیا ہر ایک کو نابود سے بود
ولیکن خود رہا ہر اک میں موجود

نگہبان مور سے لے تا مگس ہے
کس اور بیکس سبھونکا دادرس ہے

نہ اوسکو نیک اور بد پر نظر ہے
وہی ہر ایک کی لیتا خبر ہے

وہ آب و خور سے خود رہتا ہے آزاد
ولیکن قوت ہے سب کا اوسے یاد

جو دیکھا غور سے تو ہے وہ معبود
سبھی عالم ہے ساجد اور وہ مسجود

جو کی یاں نیت توحید ہمنے
بچھا کاغذ کیا سجدہ قلم نے

اوسیکا فرض پہلے جاننا ہے
قیام اوسکو ہے اور باقی فنا ہے

وہ ہے رنج والم سے پاک سبحان
ولے ہے درد کا ہر اک کے درمان

وہ مایوسونکی بر لاتا ہے امید
کرے ہے آن مین ذرہ کو خورشید

اگر محتاج پر وہ مہربان ہو
تو اک پل مین وہ سلطان جہان ہو

نظر بھر کر جو دیکھے کمترین کو
تو پہنچاوے اوسے عرش برین کو

نگاہ قہر اوسکی جسپہ ہووے
گدا ہو شاہ تخت اک دم مین کھووے

عدم کی سرزمین سے نے زرخاک
بنائین اوسنے کیا کیا صورتین پاک

نشان ایسا دیا اوس بے نشان کو
کہ پایا خاک نے کون ومکان کو

بنائے اور بھی کیا کیا طلسمات
مہ و خورشید غبرا اور دن رات

کہین صحرا کہین دریا کہین بر
کہین موتی کہین مونگا کہین زر

کیا اوسنے کسی کو صاحب تاج
کسیکو کر دیا روٹی کا محتاج

کوئی عالم کوئی حکمت سے آگاہ
کوئی عارف کوئی برگشتہ گمراہ

کوئی دیوانہ عاشق عشق مین چور
کوئی معشوق حسن اپنے پہ مغرور

ولے جب اوسنے عالم کو بنایا
تو دام عشق مین سبکو پھنسایا

محبت جنس نادر بے بہا ہے
جناب عشق کا رتبہ بڑا ہے

اگر سوچو تو یہ جان جہان ہے
محبت مغز اور جسم استخوان ہے

اگر خالق وجود اسکا بناتا
بجز سلطان کوئی اوسکو نپاتا

نہ کچھ الفت فقط انسان مین ہے
سبھی جن و بشر حیوان مین ہے

محبت کی نہ جو اسمین ترنگ آئے
تو کیون پھر شمع کیجانب پتنگ آئے

اگر ہووے نہ اوسکو الفت گل
جفائے باغبان کیونکر سہے گل

نگس مین بھی محبت گر نہوتی
تو پھنسکر شہد مین کیون جان کھوتی

محبت گر نہ دیتا اوسکو مولا
نکرتی پرورش فرزند کی ما

محبت گر نہووے تو ستم ہو کسیکا کیون کسیکو درد و غم ہو

محبت سے اگر خالی بشر ہے تو وہ مثل شجر بے برگ و بر ہے

محبت سے اگر خالی ہو انسان تو وہ انسان ہے یارو نہ حیوان

محبت شاہ کر دے کمترین کو دکھادے آنکھین چرخ برین کو

محبت نے کیا ساجد کو مسجود محبت سے بلا عابد کو معبود

محبت سے ہوا قایم زمانہ محبت غیر کو کر دے یگانہ

ذرا دیکھو محبت کے یہ سامان محبت سے ملا ہے دین و ایمان

جناب عشق کا مین کیا لکھون اوج محبت جسکے دریا کی ہو اک موج

فلک نے بھی نہ بار اسکا اوٹھایا کہ اسکا ایک عالم پر ہے سایا

سو اوس خلاق کی ہے یہ بھی اک شان اسے جسنے بنایا اوسکو پہچان

جہان تک فہم کو ہووے رسائی نظر آتی ہے بس اوسکی خدائی

ثنا مین اوسکی کیا بندی کو ادراک چہ نسبت خاک را با عالم پاک

وہ نیرنگی ہے سب رنگو نمین معمور تفاوت سے ہے پاس اور پاس سے دور

یہ نادانی سے اپنی ہر طرف سے فاینما تولوا ہر طرف سے

بد اند ہر کسے کو اہل دید است کہ در قرآن من حبل الورید است

نفخت فیہ من روحی کو جانو تو کیون بھٹکے پھرو کہنا تو مانو

صفت کا اوسکی کیا انسان کو مقدور پیمبر جسکی مداحی سے مجبور

سنا ہے ما عرفنا مصطفے سے ثنا ہو اوسکی کیا مجھ خاکپا سے

نعت

پلا ساقی شراب خاص کا جام کرون جسکے نشہ مین نعت اقدام

ہے اوسکی نعت مین کیا مجھکو ادراک کہ نازل شان مین ہے جسکی لولاک

کوئی مداح اوسکا ہو سکے ہے
خدا جسکو محمدؐ خود کہے ہے

غلط ہے اوسکو گر کہیے خدا ہے
سوا اسکے جو کچھ کہیے بجا ہے

نبوت جو ہوئی بعد از چہل سال
کرے ہے عقل اس مدت پہ یہ دال

کہ یعنی میم کے حسب کم عدد ہون
تو بیشک اوسکو حق احمدؐ احد ہون

رہا احد اوسکا اس سے ملا میم
پھر آخر ہوگیا احمدؐ بلا میم

وہ چاروں جو کہ اصحاب نبیؐ تھے
بلاشک واقف راز خفی تھے

ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؑ
یہ چاروں اربع عناصر تھے برابر

نبیؐ کے منہ سے ہے یہ شان حیدرؑ
مدینہ علم کا یہ اور وہ ہے در

علیؑ را قدر پیغمبر شناسد
کہ ہر یک خویش را بہتر شناسد

وہ سبطین نبیؐ دلبند زہراؓ
شہید اکبر و قمر نہ زہراؓ

حسینؑ ہے وہ کش نبیؐ چشم بددور
کہا جبریلؑ نے نور علیٰ نور

مناجات

الٰہی دور ہو صنعت سے یکبار
ہوا و حرص دنیا مکر پندار

یہ تیرا کمترین بندہ ہے صنعت
اسے دے فضل سے اپنی محبت

رہے دنیا و دین میں اسکی عزت
نہ کوئی پند ہو دنیا کی حاجت

بچا و بچو اسے اعدای دین سے
کہ یعنی نفس شیطان لعین سے

آغاز داستان

کدھر ہے ساقی فرخندہ فرجام
شتابی دے مجھے تیار کر جام

کہ تا میں پیکے جام ارغوانی
لکھوں اس طور کی نادر کہانی

کہ سننے سے جسکے ہو ہر اک بیہوش
سرود آوے سبھونکو از رہ گوش

کہ میرے آشنا ہیں اک فعل ناز
ہر گوہر تخت بیشک نام اونکا ہے

وہ دریائی سخاوت کے ہین گوہر
وہ بحر آشنائی کے شناور

وہ ہین کیا مکتب الفت کی استاد
کہ ہین شاگرد اونکے قیس و فرہاد

نہایت عاقل و زیرک خردمند
ہر اوصین دانش و بینش کا پیوند

بڑے دانا بہادر شعر گو ہین
ہر اک فن مین نہایت نکتہ جو ہین

کہا مجھسے ز راہ مہربانی
کہ موزون کر نئی کوئی کہانی

بموجب اونکی فرمائش کے ناچار
لکہے ہین اور لکہو ہین چند اشعار

یہ میری عرض ہے تمسے سخندان
مرکب ہے خطا سے نوع انسان

بقدر وسع در اصلاح کوشند
اگر اصلاح نتوانند بپوشند

تہا شاہ ہند جو ایک اہل اسلام
اوسے کہتی تہی خلقت شاہ بہرام

بظاہر والی ہندوستان تہا
حقیقت مین ولی شاہ جہان تہا

خدا نے اوسکو بخشی تہی یہ ثروت
کہ ہفت اقلیم پر تہی اوسکی ہیبت

وہ استنبول کو اونے سمجہ کر
کیا تہا خرچ پان اوسنی مقرر

دیا کرتا تہا بیشک عجز کی راہ
خراج اوسکو ہمیشہ روم کا شاہ

جو اوسکے وقت مین خاقان چین تہا
سو وہ اوسنے سنا اوسکا خوشہ [illegible] تہا

وہ شاہنشاہ اوسکو جانتا تہا
تو اوسکی دہاک سے چین کانپتا تہا

علی جمشید کو تب شہریاری
جو کی مدت سے اوسکی آبداری

جو والی ماوراء النہر کا تہا
تو اوسکو میر بحری کر دیا تہا

جو اوسنے قدر کی تو شیر دانگی
عدالت کی اوسے داروغگی دی

تہے اوسکے فوج سپاہ لشکر [illegible]
کہی مانند دارا و سکندر

ہوا اوسکے عدل کا نقارہ [illegible]
کہ چڑیا نوچتی تہی باز کے پر

غضا ہو شیرنی کے ساتھ [illegible]
کہا کرتی تہی بیہودہ نہ بک ری

تھا مشکل بھیڑ کو ایذا دے
اگر منہہ گرگ کے منہہ سے چھڑا دے

لیا تھا واں سے قزاقوں نے رستہ
حنا کا چور بھی تھا دست بستہ

جو ہوتا شمع کو گھر جو پنہاں
تو کرتے تھے اوسے سر و چراغان

جو تھا اس طرح سے وہ ملک آباد
وہ رہتا تھا نہایت خرم و شاد

نہیں تھا نہ تھا اوسکو کبھی غم
غنیمت جانتا تھا اوسکو ہر دم

مگر جیتی نہ تھی اولاد اوسکی
اسی سے طبع تھی ناشاد اوسکی

طبیبوں نے بھی کی ہر چند دارو
نہ فرق آیا مگر اوسمین سرِ مو

جو عامل تھے وہ آئے اور فسونخوان
منجم تبدیر خوان بھی اور رمل دان

ہوئے عاجز تو پھر اوس شہ نے فی الحال
کہا دستور سے سارا یہ احوال

کہ سب کچھ کر چکا مین تا بمقدور
مگر حسرت ہی سے ایک دستور

کہ اب یہ التجا فقرا سے کیجے
طلب فرزند جا فقرا سے کیجے

اگر انکی طرف سے کچھ مدد ہو
یقین ہے تو بلا بالکل نہ رد ہو

نہ آیا کام اپنا کچھ بھی واللہ
حکومت مال و حشمت شوکت جاہ

یہی بہتر ہے اسکو ترک کیجے
پیالہ جا کسی عاشق کا پیجے

مصمم کرکے یہ دلمین ارادہ
ہوا طیار چلنے کو پیادہ

وزیروں نے کہا ای شاہ اعظم
سفر کیجے نہ ہرگز آپ اسدم

خدا کی ہے جو یہ خلقت ودیعت
گئے تم تو یہ پاویگی اذیت

یہی بہتر ہے اب ای قبلہ عالم
کہ لاوین عارفان حق کو یان ہم

دل و جان سے کرین آپ انکی خدمت
یہ ان سے عرض کیجے اپنی حاجت

یقین ہے آپ سے ای بندہ پرور
نہ ہووینگی وہ تا مقدور باہر

خدا ملتا ہے اس خدمت کے سبب سے
جو خدمت کیجے تحقیق سب سے

وزیروں نے جو کی ازبسکہ منت — ہوئی عرض انکی معروض اجابت

خوشی ہو کر سبھوں نے اونکی فی الحال — فقیروں سے کیا عرض اپنا احوال

کہ کہلاتا ہے یہ نائب نبیؐ کا — یہ تمسے مدعا ہے اوسکے جی کا

جوان صالح ہے اور ہے وہ جوان بخت — نہین رکہتا ہے لیکن وارث تخت

وہ اس غم سے کرے گا ترک دنیا — ہمارے سر پہ ہوگا حشر برپا

اسی غم سے ہے ہمکو بیقراری — سو ہم آئے ہین خدمتمین تمہاری

قدم رنجہ وہان تک کیجیے گر — تو ہووے شاہ کو تسکین مقرر

یہ سنکر اونمین جو تھے ایک کامل — کہا آسان تیری ہووے مشکل

نہین کچہ وان کے جانیپر ہی موقوف — دعامین اوسکی ہم یان بہی ہین مصروف

میرے جانب سے تم اوسکو یہ کہیو — کہ تو اس غم سے اب آزاد رہیو

ترے ہوگا پسر حکم خدا سے — مگر ہوگا اس عاشق کی دعا سے

تو وہ بہی عشقبازیمین ہو غازی — حقیقی اسمین ہووے یا مجازی

ولے پیدا ہو جب وہ وارث تخت — تو اوسکا نام رکہیو تو جوان بخت

وزیروں کو ہوئی سنکر یہ فرحت — ہوئے تسلیم کر اوسسے وہ رخصت

حضور شاہ خوش ہو کر وہ آئے — لیے آ اب سب نے مژدے سنائے

اور اوسکے بعد سب بولے مبارک — کہ فرزند آپ کو ہووے مبارک

یہ سنکر شاہ کو آئی جو حیرت — سبھون نے عرض کی ساری حقیقت

یہ سنکر قبلۂ عالم ہوئے شاد — کیا جا کر خزانے مین یہ ارشاد

کہ منہہ توڑ دو تیلے یکسر کہو لدو آج — رہے کوئی قلمرو مین نہ محتاج

بموجب حکم کے لائے بجا وہ — جو کچہ ارشاد تہا سب نے کیا وہ

یہانتک زرفشانی کی بیک بار — کہ دانے ہو گئے فی الفور [illegible]

یہ سنکر خوش ہوا بس شاہ بہرام / کیا اوس شب محل میں جاکے آرام

ہوئے معروف عشرت شاہ سلطان / صدف پر جیسے برسے ابر نیسان

ہوا چالیس دن مین پہر یہ عالم / کہ ہر یک شخص تہا بس شاد و خرم

غرض پورے دنون خاتون اعظم / ہوئی تو تہا یہ شہزادے کا عالم

جہلکتا تہا شکم مین اوسکا پرتو / کہ ہو فانوس مین جون شمع روشن

اوٹھا ماکے شکم مین درد یکبار / ست سی دائیان تہین وہان تیار

ہوئی جب دردِ زہ سے بیقراری / زبان پر شعر تہا یہ اوسکے جاری

الٰہی غنچۂ امید بکشای / گلے از روضۂ جاوید بنمای

تولد یون ہوا وہ بخت بیدار / صدف سے جیسے نکلے درِ شہوار

خوشی سے یہ ہوا بخشش کا انقا / خراج اک سال کا دہقان کو بخشا

ملازم جسقدر تہے اونکو بہی عام / ہوئی اک سال کی تنخواہ انعام

ہوئی جب اسقدر بخشش کی حالت / مبدل ہوگئی عالم کی صورت

گدا سب ہوگئے امرا سے بہتر / ہوے امرا وزیرون کے برابر

وزیرونکو ملا یہ منصب و جاہ / کہ ہر یک جانتا تہا آپکو شاہ

سب اوسنے پالکی اور فیل گہوڑا / دئے ہر اک کو گہر مین کچہ نہ چہوڑا

ہوا بخشش کا جو عالم یہ ناگاہ / گداشہ ہوگئے اور سب گدا شاہ

ہوا منشی کو فوراً حکم عالی / کہ ہفت اقلیم کے جو جو ہین والی

روانہ کیجئے فرمان سب کو / کہ سمجہین مخبر وہ اپنی طلب کو

تو جہٹ منشی نے لکہہ کر اوسی آن / روانہ کردئے ہر سمت فرمان

وہ شقے سب ڈاکنکو نسی لگائی / یہ قاصد سے کہا تو چل ہم آئے

تہی مہمانونکی کثرت اور یہی دہوم / جب آیا شاہ چین اور قیصر روم

در دولت پہ یون بجتی تھی نوبت
فلک تک شور کی پہنچی تھی نوبت

جہان تک ناچنے والے تھے آئے
سبھون نے ناچ کر مجرے سنائے

بھگتیے بھانڈ اور سنگیت قوال
یہی گاتے تھے دیدیکو وہ سب تال

مبارک ہو جیؤ فرزند اور راج
رہے تا حشر قائم تخت اور تاج

وہ جو جو شاہ ہفت اقلیم کے تھے
کہ مالک تخت اور دیہیم کے تھے

کرون کیا اونکی دعوت کا مین مذکور
کہ جیسے شاہ کا ہوتا ہے دستور

ضیافت الغرض اسطرح کی تھی
نہ دیکھی تھی کسی نے نہ سنی تھی

اونہین دیکر موافق اونکے خلعت
کیا بعد از چھٹی یہ سب کو رخصت

طوائف بھانڈ اور نقال سب کو
دیا انعام جس لائق تھا جو جو

کیا فرزند دائی کے حوالے
کہ مثل دل بغل مین اوسکے پالے

تو وہ دائی بھی اوسکو مثل محرم
جدا چھاتی سے کرتی تھی نہ اکدم

ہوئی عمر اوسکی بسم اللہ کی جب
کیا شہ نے اوسی شادی سے مکتب

وہی نوبت وہی ناچ اور وہی رنگ
وہی بخشش وہی انعام کے ڈھنگ

معلم اک بڑا اقبال بلایا
پسر کو اپنے مکتب مین بٹھایا

اتالیقون کو فرمایا کہ وان جائین
فنون شہریاری اوسکو سکھلائین

کرین تعلیم اوسکو باری باری
سکھاوے کوئی گھوڑے کی سواری

کوئی سکھلائے اب اسکو فن تیر
نشانے کی کوئی بتلائے تدبیر

کوئی سکھلائے چوسر کوئی شطرنج
کسی فن مین نہوا اسکو شش و پنج

کوئی خط اسکو نستعلیق سکھلائی
شکستہ کی بھی کوئی وضع بتلائی

لکھوں تفصیل اوسکی مین کہان تک
وہ سیکھے فن جہانمین تھے جہان تک

ہوا جب چودھوین سن مین وہ داخل
تو ہر فن مین ہوا استاد کامل

عجب کچھ حسن تھا اوسکا خداداد | تھی اوسپر عاشقِ مولا کی امداد
بلوغت کو جو پہونچا وہ جوان بخت | تو دلمین اپنے سوچا صاحبِ تخت
کہ شادی کی اب اسکی فکر کیجے | دل اپنے کا نکال ارمان لیجے
نہین دم کا بہروسا دم مین ہمکو | وہی بہتر جو اپنے روبرو ہو
سُنا جب شاہزادے نے یہ احوال | کہا اک ہمنشین سے اپنے فی الحال
حضورِ شاہ مین یہ عرض کرنا | مری جانب سے تو دل مین نہ ڈرنا
کہ شادی کا نہ کیجے اب سرانجام | کہین نسبت کا میری ہو نہ پیغام
مین لے دیکھے نہین کرنیکا شادی | گدا زادی ہو یا ہو شاہزادی
پری ہووے پرستان کی وہا جو | نہین ہے مجکو بے دیکھے وہ منظور
یہ سُنتے ہی ہوے غمگین وحیران | وزیرِ اعظم و ہم شاہِ ذی شان
وزیرون سے پہر اوسنے مشورت کی | کہ اب کیا کیجے تدبیر اسکی
یہ سب نے عرض کی حضرت فی الفور | نہین اسکے سوا تدبیر اب اور
زمانے مین ہین جتنے اہل اسلام | وزیر و بادشہ اُمرائے عظّام
محل مین جسکے ہووے کوئی دختر | جوان ناکتخدا تابندہ اختر
شبیہ نازنین اوسکی منگالو | وہ شہزادیکو منگوا کر دکہاوو
سوا اسکے نہین کچہ اور تدبیر | پسند آوے جو شہزادیکو تصویر
وہان نسبت کا پہر پیغام کیجے | اوسی نقاش کو انعام دیجے
ہوا ارشاد ہے یہ بات بہتر | اسی تدبیر کو رکہا مقرر
سُنی یہ بات سر خرد و کلان نے | کہ یہ تدبیر کی شاہ جہان نے

داستان آنے تصویر کی ملاحظۂ شاہزادہ مین

اوسی دار الخلافہ مین بہ آرام | مصوّر تھا بڑا اک حُسن کش نام

شہر مین اپنے لا ثانی مقرر — وہ تھا بہزاد اور مانی سے بہتر
یہ کی بی بی نے اوسکی اوس سے تقریر — کہ تو بھی کھینچ اک اچھی سی تصویر
اوسے لیجا کے شہزادیکو گذران — یقین ہے تجکو منصب کا اوسی آن
کہا اوسنے کہ سچ ہے فی الحقیقت — اگر اوسنے کہا لا اسکی صورت
تو ویسی شکل مین کیونکر بناؤن — مبادا قہر سلطانی مین آؤن
ولیکن اس سے ہے یہ بات بہتر — کہ اک مدت جہانکی سیر کر کر
اگر ملجاے کوئی شکل ایسی — بسی میرے تصور مین ہے جیسی
تو اوسکی شکل کو مین کر کے تحریر — دکھاؤن شاہزادیکو وہ تصویر
اگر پوچھے تو مین اوسکو بتادون — نشان و نام کا اوسکے پتا دون
کہا بی بی نے اوسکی ہے یہ بہتر — جدہر ہو حسن تو وان کا سفر کر
یہ سنکر اوسنے کی جلدی تیاری — سواری کی نکی پھر انتظاری
پرستان کا کیا اوسنے ارادہ — چلا تنہا اودہر کو پا پیادہ
ہنر کا اپنے اوسنے چھوڑ سامان — لیا کاغذ کا تختہ اور قلمدان
نہ خطرا تھا اوسے کچھ دشت و بن مین — لباس فقر پہنے تھا وہ تن مین
ہر اک بستی مین پھرتا تھا کئی دن — نہ بہائی شکل کوئی اوسکو لیکن
اسی صورت سے بس منزل بمنزل — جہان کی سیر کرتا تھا خوشی دل
غرض پہنچا پرستان کی وہ جب پاس — وہان اس کام کی اوسکو ہوئی آس
کہ وان عالم نیا ہر بات کا تھا — وہ سارا شہر مستورات کا تھا
وزیر عورت تھی اور تھی شاہ عورت — ہر اک پیشہ سے تھی آگاہ عورت
سپاہی عورت اور عورت زمیندار — ہر اک خدمت مین تھی عورت ہی مختار
وہان دیوان اور منشی تھی عورت — غرض ہر کام وان کرتی تھی عورت

جو کوئی دیکھتا خوش طور صورت
ہوئی جاتی تھی اوسکی اور صورت

خصوصاً وہ جو تھیں اوس شہ کے ہمراہ
کوئی زہرہ کوئی مہر اور کوئی ماہ

اور اوسکی شکل کو تو وہ تباہوے
جو اوسکے دیکھنے کی تاب لاوے

اور اوس شہ نے زمانے سے نرالا
بنا ائین تھا اپنا نکالا

کہ دیکھے خواب میں تھی مرد کو جو
نکلوا لاتی تھی آنکھیں اوسکی بدخو

مگر درویش کو از راہ شفقت
فقط اک سیر کو دی تھی اجازت

وہ شہر عورات سے بالکل بسا تھا
تو نام شاہ سلطان النسا تھا

حسین تھے واں کے سارے خاص و عام
تو اوس بستی کا حسن آباد تھا نام

وہ بستی حسن کش کو جو خوش آئی
در دولت پہ جا دی ہوئی رسائی

بچھایا اور یہ اپنے مکر کا دام
کہ حاضر جس سے ہوں سب خاص و عام

کسی سے بات یعنی کچھ نہ کہتا
پڑا البتہ یہ اپنے چپ وہ رہتا

رکھا میوہ کچھ اک پوشیدہ لاکر
یہی کی فکر کھانے کی مقرر

کئی دن اسکو جو گذرے اسی طور
لگے ہر ایک کرنے اسکا پھر غور

یہی ٹھہری کہ ہے درویش کامل
ہوئے چھوٹے بڑے سب اسکے مائل

ہوا یہ گوش زد اوس بادشا کے
کہ یاں آئے ہیں اک عاشق خدا کے

تمہارے حال پر فضل خدا سے
در دولت پہ جو بیٹھا ہے

سُنا اوسکو جو یوں مشہور آفاق
ہوئی پھر بادشہ زادی بھی مشتاق

غرض اکدن چلی وہ پا پیادہ
قدمبوسی کا اوسکی کر ارادہ

جواہر کی بھریں کشتیاں ساتھ
برائے نذر لائی شاہ عورات

جب آئی پاس اوسکے وہ پریوش
تو اوسکو دیکھتے ہی کر گیا غش

ہوئی حیران جو دیکھا ایسا احوال
گلاب اوسنے منگا کر کھینچی لحال

خواصو لنسی چہرہ کو ایا جو اوسپر
تو آیا ہوش مین وہ نیک منظر

قدم تب چوم سلطان لہنا نے
کہا بہیجا ہے تمسکو یان خدا نے

دعا کے ساتھہ مجکو یاد کیجے
مرے اس شہر کو آباد کیجے

جو کچہ درکار ہو سو وہ ہے موجود
ہے مجکو آرزو دے فضل معبود

کہا درویش نے ای شاہ والا
فقیرونکو ہے بس یہ مرگ چہالا

ہمین درکار ہے حق کی محبت
سوا اسکے نہین کچہ اور دولت

رہون کسطرح جا تیرے مکانمین
کہ پہرنا ہے مجھے سارے جہان مین

دعا ہے یہ کہ رہ تو خرم و شاد
رہے تا حشر تیرا ملک آباد

لیکن اب رخصت ہے تجہسے شاہ عالی
رہے بانا تیرا اللہ والی

یہ کہکر بستر اوان سے اوٹہایا
جو تہے چہوٹے بڑے سبکو رولایا

وہان سے چلکے فوراً پہر اوسی آن
نکالا اوسنے کاغذ اور قلمدان

کیا تحریر اوس کاغذ پہ خاکا
سراپا شاہ سلطان لہنا کا

لگا تحریر کرنے جب وہ اوسپر
تو سر اعضا یہ تہا حیران و ششدر

وبال اوسکو ہوی تہے کہینچنا بال
مگر کہینچے کہ بس یاور تہا اقبال

بلا کالی مین جاکر گہر گیا تہا
مگر واللیل پڑہ پڑہ کے بچا تہا

زبس حیران تہا چوٹی کا تہا دہیان
وہ چوٹی کہینچنے مین تہا پریشان

کہ دسنکے بہی ہے جسکے زہر چڑہ جاے
اگر وہ یک سر مو لعل پر آے

لکہا اوسکو مگر کہیل اپنے جی پر
کہ اوسکو یاد تہا کالے کا منتر

مصور سے کہینچے وہ مانگ کیونکر
کہ جسمین خضر بہولے ہر قدم پر

بدشواری مصور سے کہینچی مانگ
مدد اوستاد سے جب اوسنے لی مانگ

جبین کو اوسکی مشکل سے بنایا
کہ آدہا چاند جب اوسنے لگایا

مصور حسن ہوا تھا دیکھکر کان ۔ کہ اوسکے کھینچنے کا تھا نہ امکان

رکھے اوّل تو اوستے کان پر ہات ۔ ہوئی اوستاد کی جب کچھ عنایات

پھر اوسنے کان اس خوبی سے کھینچے ۔ کہ مانی دیکھ جسکو کان پکڑے

کھینچین ابرو نہ اوس سے حسب لخواہ ۔ لگا دے اوسکو وہ جبتک نہ دو ماہ

ہوا تھا کھینچنا مژگان کا دشوار ۔ کہ سنگینین لیے پلٹن تھی طیار

پھر اوسنے اپنے سینے کو سپر کر ۔ لکھین مژگان مگر اک پل مین ڈرکر

کھینچین کیونکر وہ آنکھین مست سرشار ۔ کہ ہووے دیکھنے سے جنکے بیمار

اگرچہ خوف جان لکھنے مین تھا پر ۔ لکھا اوسکو بھی آنکھین بند کر کر

بنایا رنگ اوس بینی کا جدم ۔ غرض آیا تھا اوسکا ناک مین دم

کیونکر شمع مومی جلکے ہو خاک ۔ وہ بینی عیب بینی سے تھی بس پاک

تھی رخ پہ بینی باریک یکسو ۔ کہ ہو در نجف مین جسطرح مو

کرون کیا منخرین مین اوسکی تقریر ۔ دو چشمی سے وہ تھی قرآنین تحریر

دہن کا اوسکے کس صورت بھرے رنگ ۔ بنایا جب تو یہ از بس ہوا تنگ

غرض ہر چند اٹکل ہی سے ناچار ۔ لکھا اوسکا دہن تھا بسکہ دشوار

لبوں کے کھینچنے نے یہ دیا زور ۔ مصور حسن کش پہونچا لب گور

وہ رخسارے تھے جو خورشید و مہتاب ۔ نلا سکتا تھا جنکو دیکھ مہ تاب

بمشکل گو کہ اعضا سب بنائے ۔ کوٹے پر اوس سخندان نے جھکائے

وہ تھا تحریر مین گردن کی حیران ۔ کہ اس سے پیک ہے کیونکر نمایان

لکھا اوسنے پھر آخر رنگ پان لو ۔ بیاض اندر کوئی سرخی لکھے جو

لکھا سرخ و سپید اوسنے تھا اوسکو ۔ شفق پر جسطرح ابر تنک ہو

بھی کہتا تھا وہ ہیہات ہیہات ۔ لکھی جاتی نہین ہے مجھسے یہ بات

مصور کو کہاں یہ دست قدرت — یہ قدرت کی جو کھینچے نزاکت
جہاں تک دست رس تھا اوسکا ناچار — لکھا ہاتھ اوس پر لیکا گو تھا دشوار
مصور نے لکھا جب اوسکا پہنچا — لبوں پر دم تب اوسکا آن پہنچا
نظر خود اوسکی پہنچے پر تھی حیران — وہ تھا جوں پنجہ خورشید تابان
نہ کیوں لکھنے میں اوسکی ہو کشش و پیچ — ید بیضا کو جسکے رشک سے رنج
وہ سینہ آینہ سا تھا چمکتا — ہر اک حیران ہوکر جسکو تکتا
عجب سینے پہ اوسکے دو نشان تھے — بہار حسن کے جلوے عیان تھے
مصور میں ہنر تھا گرچہ ذاتی — ولیکن اوسکی تھی ایسی نہ چھاتی
کہ ڈالے ہاتھ سینے پر لیکا یک — مہ و خور کی رکھے جبتک نہ عینک
غرض اوسنے بھی ایسا ہی ہر اک رنگ — کہ ہووے آینہ بھی دیکھکر دنگ
جب اوسپر نور کے تختے بنائے — تو لوہے چاند دو اوسپر لگائے
شکم اوس بحر خوبی کا تھا نایاب — تھیں لہریں حسن کی لو ناف گرداب
مصور کس طرح سے اوسکو لکھ پائے — کہ جسمیں عقل غوطے سیکڑوں کھائے
وسلے تصویر کا تھا یہ تو پانی — نہ بہزاد اوسکا ثانی تھا نہ مانی
شکم کو اسطرح سے اوسنے لکھا — کیا کوزہ میں گو یا بند دریا
سراپا اوسکا آگے کیونکہ لکھتا — کہ پوشیدہ تھے اوسکے سارے اعضا
بدن نیچے کا سب مستور بھی تھا — سوا اسکے ادب سے دور بھی تھا
کھنچی تصویر سلطان النسا کی — مصور سے یہ تھی قدرت خدا کی
جب اوسکی شکل ایسی کھینچ پائی — تو ہاتھ آئی مگر اسکے خدائی
کیا مہر اوسنے جانے کا ارادہ — جہاں رونق فزا تھا شاہزادہ
جو تصویر اوسکی کاغذ پر لکھی تھی — کروڑونکی وہ گو یا ہنڈوی تھی

نہ تھی تصویر جو ایسی بنی تھی　　سند گویا وہ ملک ہند کی تھی
خیال حسن کش نے کی یہ تدبیر　　کہ فرمان وزارت ہے یہ تصویر
ہوا تصویر لے وانسے روانا　　جہان رہنے کا اوسکے تھا ٹھکانا
نہین تھکتا تھا وہ تہا بسکہ خوشدل　　چلا تا تھا وہ منزل بمنزل
غرض اک بعد مدت قصۂ کوتاہ　　ہوا واردوہ گہر مین اپنے ناگاہ
ہوئی زن اوسکی خرم اور خوشحال　　کیا پھر اوسنے استفسار احوال
حقیقت من و عن اوسنے بیان کی　　وہان جانے کی آنے کی یہان کی
رکھی تصویر وہ گہر مین چہپا کر　　نہ لایا ذکر بہی اوسکا زبان پر
خوشی سے اوسکو وہ گہر مین کٹی رات　　سحر کو اوسنے کی سب سے ملاقات
جہان تک اسکے تھے اہل زمانہ　　عزیز اور آشنا یار اور یگانہ
ہر اک کی خیریت کا حال پوچھا　　اور اوسنے شاہ کا احوال پوچھا
کہ یعنی شہ نے جو کی تھی منادی　　کہین ٹھہری بہی شہزادی کی شادی
وہ بولے کی بہت حضرت نے تدبیر　　منگائی تھی مگر اک لاکھ تصویر
ہر اک تصویر لیجا کر دکھائی　　پسند اوسکو مگر کوئی نہ آئی
یہ سنکر حسن کش کا دل ہوا شاد　　ہوئی یعنی نہ محنت اپنی برباد
ہدف پر جانکر پہونچا ہوا تیر　　چلا لیکر وہ اپنے گہر سے تصویر
در دولت پہ جاکر اوسنے فی الحال　　کہا یہ عرض بیگی سے سب احوال
یہ کی عرض اوسنے جا کر بعد تسلیم　　کہ اے فرمانروائے ہفت اقلیم
مصور ایک ڈیوڑہی پر ہے آیا　　پرستان سے ہے وہ تصویر لایا
کیا ارشاد شہ نے تب یہ خوش ہو　　کہ ہان جلدی ہی حاضر حسن کش ہو
وہ جاتے ہی بجا آداب لایا　　پھر اوسکے بعد وہ کاغذ دکھایا

بس اوسکو دیکھتے ہی شاد و خرم
کیا بذل کرم پھر حسن کش پر
کہ بھیجے یو نخیفا تصویر کا مول
دیا پھر خاقان نے جواہر
پھر اسکے بعد کی شہ نے یہ تقریر
جو دیکھا ہے اسکو از رہ غور
یقین ہے گر چہ ہے حق کا ارادہ
کہا تصویر دیکھ حسن کش کو
پسند اوسکو اگر آیا ترا کام
مصور کرکے آداب حیا عذار
سُنی تھی اوسنے آگہی یہ تقریر
نہایت حسن میں مشہور آفاق
خبر سنتے ہی جلد اوسکو بلایا
نظر اوسکو پڑی جبدم وہ تصویر
نظر کے ساتھ گھیرا اوسکو غش نے
افاقہ جب ہوا اوسکو تو حیران
مصور سے کبھی کہتا تھا یہ بات
کبھی آنکھوں سے تھا اوسکو لگاتا
کبھی حیران ہوکر اوسکو تکتا
مصور نے جو دیکھا اسکا احوال
یہی حالت رہی گر اسکی تا شام

ہوا ایکبارگی وہ شاہ اعظم
کہا یہ خاقان کو بلا کر
جواہر میں اسے پہلے تو دے تول
گران قیمت مصور کے برابر
کہ دیکھی اندنوں میں لاکھ تصویر
بنائی ایک ہی بہتر کسی طور
پسند اسکو کرے گا شاہزادہ
اسے اب شاہزادے کو دکھادو
تو خاطر خواہ تو پاوے گا انعام
چلا خدمت میں شہزادے کی یکبار
کہ اک لایا پرستان سے ہے تصویر
جوان بخت اوسکا بیٹا تھا مشتاق
اور اوسنے جاکے وہ کاغذ دکھایا
لگا سینے میں اوسکے عشق کا تیر
کیا شکر خدا تب حسن کش نے
وہ اوس تصویر کے ہوتا تھا قربان
اگر تونے حسن کش کی ہی کرامات
کبھی پہلی کی صورت تململاتا
کہ گویا ہوگیا تھا اوسکو سکتا
تو سوچا دل میں اپنے وہ یہ فی الحال
تو اس آغاز کا ہوگا بد انجام

کوئی اب حکمت ایسی یہاں پہ کیجے
کہ خوش ہو شاہ اور کچھ اس سے لیجے

تو اوسنے دست بستہ ہو اوسیدم
کہا اک عرض ہے اے شاہ عالم

ہوا ارشاد کہہ ہاں عرض کیا ہے
بیان کر جو کہ تیرا مدعا ہے

تب اوسنے عرض کی یہ ایکباری
کہ ہے گر آپکو یہ بیقراری

اگر سن پائیگا شاہ جہاندار
تو کھینچے گا مجھے وہ برسر دار

تو وہ صادق مثل ہو یاں کسیکی
گنہ لازم ہے اور برباد نیکی

مگر یہ مصلحت ہے ہو جو مقبول
کہ آپ اب اسکے غم کو جائیے بھول

عطا کیجے مجھے اب خلعت زر
کہ تا ہو مہربانی شہ کی مجھپر

پھر اسکا قول تو مجھ سے ہے تدبیر
دکھا دوں اوسکو جسکی ہے یہ تصویر

یہ سنکر اوسنے اپنے دلمیں خوش ہو
لگا چھاتی لیا پھر حسن کش کو

دیا خلعت بھی اور اپنا قلمدان
کہا تو ہے ہمارا میر ساماں

خبر شہ کو ہوئی از رہ اخبار
بہت خوش ہو گیا وہ دلمیں یکبار

کہا جلدی سے حاضر حسن کش ہو
کیا خوش اوسنے ہمکو وہ بھی خوش ہو

اوسے تب لیگئے جلدی بہ اکرام
جہاں رونق فزا تھا شاہ بہرام

یہ جا کر واں بجا آداب لایا
کیا شہ نے مقرر اسکا پایا

عطا کر خلعت و جاگیر و منصب
لگا شادی کا اوس سے پوچھنے ڈھب

تو اس نے عرض کی ای شاہ اعظم
نکیجے آپ کچھ اس بات کا غم

یہ جس صورت سے کھنچ آئی تھی تصویر
تو شادی کی بھی ہو جاویگی تدبیر

ہوا پھر اوسکو جب رخصت کا ارشاد
تو آیا گھر کو اپنے خرم و شاد

اوسے جب مل گیا انعام و جاگیر
تو شہزادے نے کی اوس سے یہ تقریر

کہ تو نے جو کیا تھا قول و اقرار
بجا لا اوسکو اب اے یار غمخوار

کہا دلمین یہ اپنے حسن کش نے
ابھی چھوڑا ہے مجکو کشمکش نے
کوئی دن عیش کر لون مال و زر کا
پھر آگے جو کہ ہونا ہے سو ہوگا
کلام اللہ مین آیا ہے فقرا
کہ ہوتا ساتھ ہی ہے عسر یسرا
کیا چندے تو اوسنے عیش و عشرت
پھر آگے ناگہان آتی ہے آفت

بلانا شاہزادہ کا حسن کش مصور کو اور پھر اوسکو جانا طرف حسن آباد کی

کسی دن شاہزادے نے بلا کر
کہا اوس سے کہ سن تو اے ستمگر
کرے ہے تو تو ہر دم عیش و آرام
ہوا جاتا ہے میرا اب یہان کام
اب اسکی فکر کر ہو جس سبب سے
نہین ڈرتا تو سلطانی غضب سے
جو کچھ تو نے کہا سو مینے مانا
نہین اوسکام کا اب تک ٹھکانا
نہ تو نے شاہ سے وان کا لیا نام
کہ تا وہ بھیجتے خط کرکے ارقام
نہ مجسے وانکی کہتا ہے حقیقت
مجھے غم دیکے تو کرتا ہے عشرت
یہی حق مین ترے والد نے ہے خوب
کہ کر اوس کام کا تو جلد اسلوب
ہوا بیزار اوسدم وہ جوان بخت
کہین کچھ اور بھی باتین اوسے سخت
تب آخر حسن کش نے ہو کے ناچار
کیا سب سختیون کا وانکی اظہار
سنائی سرگذشت اپنی کی تقریر
کہ مینے اسطرح کھینچی تھی تصویر
دکھانے کا مجھے ہے تمسے اقرار
سو مین اوس قول پر ہر دم ہون تیار
مگر تم سوچ لو ان سختیون کو
جو کچھ مینے کیا وہ تم سے کب ہو
ولیکن عرض ہے ساتھ اسکے اک اور
کہ درویشانہ وان جانیکا ہے طور
کسیکی وان نہین چلتی حکومت
فقط درویش کو دی ہے اجازت
اگر ہو کر گدا چلیئے مرے ساتھ
تو سلطان الثا آوے ترے ہاتھ

سو یہ ممکن نہیں تمسے ارادہ　گدا جسطرح ہووے شاہزادہ
مجھے تمسے نہ یہ تھی نظر ہے　اسی باعث یہ بندہ چل گیا ہے
جوان بخت اوس پہ تھا جو مدہوش　بھرا تھا دلمین اوسکے عشق کا جوش
سمجھ کر سے کہا اوسنے کہ نادان　عجب تقریر ہے تیری پریشان
اوٹھائی زر کی خاطر تونے آفات　نہو گا مجھسے یہ بھی طرفہ ہے بات
نہایت جان پر ہوتی ہے تکلیف　بہر صورت وہان سے چلیئے تشریف
رہا یہ جسم سو ہے راکھ کا ڈھیر　نجائے گر وہان تو ہے یہ اندھیر
بہر صورت غرض ٹھہری یہی بات　کہ چلیئے اب وہان سے خوف آفات
بقول مولوی جامی ہے اب کہ　برائے دوست باشد ہر چہ باشد
یہ کہکر وہ ہوا چلنے کو تیار　ہوئے حیران سب اوسکے یار و غمخوار
خبرداروں نے یہ شہ کو خبر دی　پھری سنتے ہی اوسکی منہ پہ زردی
کہا گھبرا کے اوسنے کیا بلا ہے　بتاؤ تو یہ کیسا ماجرا ہے
کہا لوگون نے اسے شاہ جہانگیر　بلائے سلطنت تھی بس یہ تقدیر
اوسی نے اوسکو دیوانہ کیا ہے　سبھی اپنون سے بیگانہ کیا ہے
یہ سنتے ہی زراہ بیقراری　سواری کی نہ کھینچی انتظاری
چلا وہ اوسطرف کو پاپیادہ　جہان بیٹھا تھا مضطر شاہزادہ
جو ہین جاکر پسر کا حال دیکھا　ہوا آنکھون سے جاری اوسکے دریا
لگا چھاتی کہا اوسنے جوان بخت　نکر ویران تو میرا تاج اور تخت
خدا کے واسطے کہہ اپنا احوال　خدا شاہد ہے میرا جان اور مال
مجھے فضل خدا سے ہے یہ مقدور　جو کچھ دنیا میں ہووے تجھکو منظور
اشارہ میں وہ اب ہوتا ہے موجود　بیان تو کر تری جو ہیں مقصود

یہ سُن سُن کر لگا کہنے جوان بخت
کہ اب ہے آسمان دور اور زمین سخت

عجب اک مخمصہ مین ہون گرفتار
کہ مجکو ہو گئی ہے زیست دشوار

یہی لازم ہے بیٹے کو مقدور
کرے مرضی پدر کی تا لب گور

ولیکن یہ تعلق دل سے سب ہے
نہ دل کہنے مین ہو تو پھر غضب ہے

سو وہ حالت ہوئی ہے مجھپہ طاری
بیان کیا کیجے اپنی بیقراری

ادب سے دور ہے اب اوسکا اظہار
حضور شہ کہے کیونکر گنہگار

یہی منظور ہے اب آپ کو جو شہ
بُلا کر پوچھہ لیجے حسن کش کو

کہا کر عرض حال شاہزادہ
کہ جاتا کیون ہے یان سے پا پیادہ

یہ سنکر شاہ اب با خاطر ریش
بتا کسواسطے ہے شکل درویش

غرض جو کچھ تھی شہزادے کی حالت
کہی سب من وعن اوسکی حقیقت

بیان کی شکل سلطان النسا کی
کہ گوناگون ہے کیا قدرت خدا کی

عجب وہ شہر ہے شہر طلسمات
کہ شہ عورت ہے اور ہے فوج عورات

بجز درویش کے سر لاکھہ مارا
نہ دیکھا مرد کا اوسنے گذارا

بہر صورت کیا اوس ملک مین غور
مہم کا بھی نہین ہے اوسجگہہ طور

پر اک تدبیر ہے اوس سے زیادہ
رہے موقوف جس سے شاہزادہ

کہ وہ درویش روشن دل ہے جنکا
تولد جنکے باعث سے ہے انکا

اب اونکی خدمت عالی مین جاؤ
اونہین یہ ماجرا لکھکر سناؤ

پسند اوسکو کیا حضرت نے فی الحال
سنایا اونکو جا کر سب یہ احوال

اونھون نے شاہ پر ہو رحم کھایا
وہین بس شاہزادے کو بلایا

بٹھا کر اوس سے پوچھی سب حقیقت
ہوے خوش سنکے وہ اہل طریقت

کہ خوش آتا ہے عاشق عاشقونکو
رکھے ہے دوست فاسق فاسقونکو

کہا عارف نے پھر شہ سے یہ ارشاد
کہ شاید بات وہ تجھکو نہین یاد

وزیرون سے جو تمنے کہدیا تھا
کہ ہوگا شہ کا اہل عشق بیٹا

سو یہ تو عشق ہے بابا بہت خوب
کہین ہین اہل دنیا اسکو معیوب

اگرچہ یون ہین صورتین سب نشان
ولے بے عشق ہوتا ہی کب انسان

کہا شہ نے کہ یہ تو سب بجا ہے
پر اپنے دل کا جو کچھ مدعا ہے

سو وہ اب آپ پر بالکل کھلا ہی
کوئی میرا نہین اسکے سوا ہے

جہانگی اسکے خاطر خاک چھانی
رہے دنیا مین تا میری نشانی

یہ میرا وارث دیہیم ہووے
کہ شاہنشاہ ہفت اقلیم ہووے

گدا ہوکر سو اب یہ پیادہ
جدا ہونے کا کرتا ہے ارادہ

گیا یان سے اگر اب یہ جوان بخت
تو ہوگا کون میرا وارث تخت

کہا عارف نے پھر سنکر کہ ای شاہ
نہ دے دلمین تو اب اس وہم کو راہ

یقین ہے تجھے اسکا ہوگا بہتر
جلال و جاہ اور اورنگ و افسر

خدا پہ چھوڑ دے اب اسکو ای شاہ
اگر جاتا ہے یہ تو روک مت راہ

کیا خوف و رجا سے اوسنے تسلیم
کہ تھی اسمین توقع اور کچھ بیم

غرض جانا ہی شہزادے کا ٹھہرا
ہوا اوس شہر مین اک حشر برپا

گیا روتا محل مین شاہ مہرام
پڑا یہ شور وان گویا کہ کہرام

ہوئی غش سنکی ماں بیٹے کی رخصت
کہا ہے ہے پڑی کیا سر پہ آفت

بلا بیٹے کو بولی ای جوان بخت
تو اپنا کھوئیگا کسواسطے تخت

لگایا تو نے غیرون کو کیا آہ
یگانون کو کیا بیگانہ واللہ

اگر جاتا ہے تو اے میرے فرزند
تو پہلے کر زمین کا مجھکو پیوند

پھر اک عورت وہان با آہ و زاری
بیان کرتی تھی اپنی بیقراری

وزیر سلطنت سب حاضر آ کر — مصاحب تے تھے ہر اک وان شغل و محشر
کسیکی کوئی سنتا تھا نہ گفتار — ہر اک تھا اپنی حالتمین گرفتار
غرض جو شہر مین خرد و کلان تھے — سبھی اس درد سے گریہ کنان تھے
پر اس غوغے پہ کب رکھتا تھا وہ گوش — شراب عشق سے تھا وہ تو مدہوش
کیا چلنے کا پھر اوسنے ارادہ — پیسوئے دوست تھا پا پیادہ
جو دیکھا شہ نے دلگیر غم ہوا سخت — لگا بیٹے سے کہنے کا ہے جوان بخت
اگر جاتا ہے جا پھر مان یہ بات — کہ جاہ و حشمت شاہی بھی لیجا ساتھ
پدر کا اپنے اتنا تو کہا مان ؞ — گھٹی جاتی ہے اسمین کیا تری شان
جہان تک فوج کا ہووے گذارا — بھلا وان تک تو کر اسکو گوارا
بجا لایا وہ فرمانا پدر کا ؞ — کیا اقبال اپنے کرّ و فر کا ؞
یہ سنتے ہی ہوا شہ خرم و شاد — وزیرونکو ہوا فوراً یہ ارشاد
کہ ہان جلدی سے ہووے جسکی دلخواہ — دواب بادشاہی اسکے ہمراہ
مصور حسن کش تھا بس کہ ہشیار — جواہر بھی لیا اور فوج جرار
غرض جب ہو گئی بالکل تیاری — تو شہزادے نے منگوائی سواری
شہ بہرام نے تب ہو کے ناچار — کہا رخصت ترا حق ہو نگہدار
اور اوسنے حسن کش کو پھر طلب کر — کہا سونپا تجھے مینے یہ دلبر
ہوا جسوقت وان سے وہ روانہ — تو سر پیٹے تھا اپنا یک زمانہ
ہوا باہر وہ شہزادہ وطن سے — نکل جاتی ہے جیسے جان تن سے
یہان ماں باپ کی گذری جو حالت — لکھی جاتی نہین ہے وہ حقیقت
چلا وہ چھوڑ کر شادان و فرحان — کہ بلبل جاے جیون سوئے گلستان
مقام اک جا نہ کرتا تھا وہ زنہار — چلا جاتا تھا بس دنرات ناچار

غرض پہونچا وہان گذری گئی ماہ ۔ سواری کی جہان دشوار تہی راہ

وہان لشکر کو اپنے اوسنے چہوڑا ۔ وہ فیل اور پالکی اور تخت گہوڑا

کیا اک حسن کش اپنا فقط یار ۔ ہوا وہ ناگہان چلنے کو تیار

رفیق و مونس و غمخوار جو تہے ۔ مصاحب اور جو اوسکے یار سچے

سبہون نے عرض کی اوس سے یکبار ۔ کہ ہمنے اسلیئے چہوڑا ہے گہربار

کہ تو تنہا اودہر ہو دشت و بر مین ۔ اودہر تکلیف کہینچے ہم سفر مین

ہوا ایسا کہ پہر تجہکو نپاوین ۔ تو پہر ہم شاہ کو کیا منہ دکہاوین

سوا اسکے بہی یہ ہمکو ہے الفت ۔ نہین اکدم گوارا تیری فرقت

یہی بہتر ہے اب واللہ باللہ ۔ کہ ہمکو بہی تو لیچل اپنے ہمراہ

کریگا تو نہ گر چلنے کو ارشاد ۔ تو ہم ہین ساتہہ تیرے مثل ہمزاد

غرض شہزادہ نے تب ہوکے ناچار ۔ لیے ہمراہ اپنے ایک سو یار

بہت اورون نے واویلا مچایا ۔ ولیکن اوسکے دلمین کچہہ نہ آیا

چلا پہر حسن کش ہمراہ لیکر ۔ گران قیمت جواہر اور کچہہ زر

لباس فقر شہ نے کر لیا تہا ۔ تہے سب چیلے گرو اوسکو کیا تہا

وہ جاتے روز و شب تہے دشت و بر مین ۔ دل مضطر تہا بس اک کے بر مین

جہان تہکتے تہے وان بس بیٹہہ جاتے ۔ جو کچہہ ملتا تہا بن مین سو وہ کہاتے

زبس نازک جو تہا حد سے زیادہ ۔ ہوا تہا آبلہ پا شاہزادہ

دلے تہا عشق کی مے سے جو مخمور ۔ سمجہتا آبلونکو تہا وہ انگور

نہ تہی محنت سفر کی اوسکو کچہہ شاق ۔ وہ تہا اوسوقت کا سر خیل عشاق

قرار اوس سے ہوا نہ اوسکو کہانا تہا ۔ فلک کیطرح روز و شب روان تہا

پڑا تہا ایک ہی وہ رنج منزل ۔ ہوا اک اور اوسپر قہر نازل

چلی ایسی ہوا اوس بن مین اکبار | کہ سب آندہی ہوئے وہ شاہ اور یار
خدا جانے کہ سبکے دلمین کیا تہا | اوسیکا دہیان پر اوسکو بندہا تہا
اسی صورت کٹی جب تین دن رات | نہ تہا بن مین کوئی انکا بجز ذات
لگا ہر ایک کرنے داد و بیداد | تو اپنے پیر کو اوسنے کیا یاد
دعا کے ساتہہ وہ پہونچے جو بن مین | تو دیکہا ہے عجب رنج و محن مین
لب اپنا سبکی آنکہون سے لگایا | سمجہہ غیبی نے فردونکو جلایا
پہر اوسنے حسن کشن نے یہ کہی بات | کہ اس امراہم مین ہو عنایات
کسی صورت مراد اسکی بر آوے | جو خادم آپکا جلدی گہر آوے
کیا درویش نے یہ اوسکو ارشاد | کہ ہردم کارساز اپنے کو کہہ یاد
یہ کی عارف نے ان پر مہربانی | ہو مطلب انکا اور اپنی نشانی
ہر اک دان جبکہ غافل ہوکے لیٹا | تو سبکے ہاتہہ پر ڈورا لپیٹا
یہ ڈورے مین رکہی تہی اوسنے تاثیر | کہ سب ہو جائین عورت مثل تصویر
عمل یہ کرکے وہ عارف عجائب | یکایک ہوگئے پہر وان سے غائب
مبدل ہوگئی سبکی جو صورت | تو اس صورت سے آئی سبکو حیرت
کیا اسباب کو جو فکر اور غور | یہی سب نے کہا آخر کو فی الفور
کہ جیسے ہوگئے سب کو رہتے ہم | اوسیصورت سے اب عورت بنے ہم
اوسی درویش کو اب کیجئے یاد | کہ ہووین اس بلا سے جملہ آزاد
کیا پہر یاد اوس عارف کو سو بار | نہ آیا وہ ہوئے یہ سخت ناچار
کہا سب نے کہ پہر اب گہر کو چلئے | کہانتک آتش حسرت سے جلئے
لگا سنکر یہ کہنے شاہزادہ | نہین موقوف کرنے کا ارادہ
جو ہونا ہو سو ہو پیسکن چلونگا | نہو گا کچہہ تو اوسکو دیکہہ لونگا

کیا جب شاہزادے نے یہ ارشاد | چلا وہ قافلہ وان سے پریزاد
ہر اک صورت تھی ادمین ماہ تابان | وہ جنگل ہوگیا گویا پرستان
سواد شہر جو اک اسمین آیا | زمیندارون نے وانکے انکو دیکھا
وہان سے غیر تھی جو انکی صورت | تو سمجھے دلمین وہ انکو غنیمت
ہر اک کو لیگیا ہر اک زمیندار | کہان وہ شاہزادہ اور کہان یار
نہ تھا کچھ اختیار اسمین تھے مجبور | پڑے بیگانہ گھر مین ملک سے دور
عجائب ایک نے ادمین سے دیکھا | کہ جس سے اونکا سب مطلب برآیا
بڑی حکمت یہ اِنکے آگئی ہات | کہ وہ ڈور اگیا جو ٹوٹے اک رات
ہوا یہ مرد کی صورت ادمی آن | ہوے سب گھر کے اوسکو دیکھ حیران
کہا جن سے ہے اِسے جلدی نکالو | حقیقت اسکی سب بستی مین کہدو
غرض وہ گھر سے باہر اوسکے نکلا | پڑا اس بات کا بستی مین غوغا
نکالا سب کو اپنے گھر سے ڈر کر | مع پوشاک اور اسباب و زیور
بجا شکر خدا ہر ایک لایا | ولیکن بھید کچھ اسکا نپایا
کہا سب نے کہ یان سے تو چھٹے ہم | ولے آگے بھی ہے ہمکو بھی غم
کیا اوس شخص نے سب سے یہ اظہار | سبب سے جسکے نکلے تھے یہ یار
کہ اوس ڈورے مین سب کچھ ہے کرامات | سنے کچھ مرد اس سے گاہ عورات
تو شہزادے نے سنکر یہ کہی بات | کہ ہے یہ پیر کی میرے کرامات
یہ کہکر ہوگئے وہ شاد و شادان | کہ ہاتھ آئی ہمین مہر سلیمان
سبھون نے پھر تو ڈورے ہاتھ سے کھول | بنایا اپنا ہیبت ناک سا غول
چلے پھر وان سے پیہم وہ دل افروز | ستارون کی طرح باہم شب و روز
غرض سرحد مین جب اوسکی وہ پہونچے | تو اوفوج ذرو نسبی باندھے سب نے پہنچے

ہوئے سب پاند ہتے ہی اوسکی عورت | جوان و نازنین و خوبصورت
لباس فقر تھا گو اوسکے تن پر | دیے پہنے ہوئے ہر ایک زیور
تھا شہزادیکا عالم ادمین واللہ | ستارونمین نمایان جسطرح ماہ
گران قیمت تھا اوسکے تاج سر پر | سراسر جسمین تھے الماس و گوہر
گہر سیلی کے اوسکے وہ بناوے | ستارے کہکشان کی جو کہ لادے
گہر سمرن کا ہر اک اسقدر تھا | ید بیضا سے بہی رخشندہ تر تھا
وہ مینا اور جواہر سے جڑا تھا | اور اوسکے ہاتھ مونگے کا چھڑا تھا
مقام اوس شہر مین اک خوش فضا تھا | ہر اک نے بستر اوسجا کیا تھا
اور اوسمین حسن کش تھا جو کہ ہشیار | نہایت ذوفنون دانا و مختار ؛
منگائی اوسنے اک پتھر کی مورت | گران قیمت نہایت خوبصورت
گڑھا پھر اوسنے اوس جنگل مین کھوا | قد آدم سے گہرا اور چوڑا ؛
نگینے اوسنے بہرے اوسمین منگا کر | رکھی مورت وہ پتھر کی چیونون پر
چیونون پر اوسنے پانی خوب چھڑکر | اور اوسکو ڈالکر مٹی چھپایا
زمین کے کر دیا اوسکو برابر | کہ تا وہ بہول کر آجائے اوپر
ہنر یہ حسن کش نے کر لیا جب ؛ | تو شہزادیکو وان ٹہلادیا تب
گیا پھر شہر مین وہ آپ تنہا | فقیرونکا کیا شہرہ ہر اک جا
بیان سب سے کئے اونکی کمالات | ہوئین مشتاق اونکی و اونکی عورات
پھر اوسنے شہر سے لیکر کچھ دام | خریدا میوہ پستے اور بادام ؛
لے آیا رکھ کے مزدورونکی سر پر | جمائی یان فقیروننے تھے بستر
کہ انکو دیکھکر جاوین جو مزدور | فقیرونکا کرین وہ حال مشہور
پسینے پر دائی سے بستر پہ بیٹھا | کیا بستی مین مزدورون نے شہرا

پھر اسکو اور سوجھی ایک تدبیر
جنون کے گرد کی گنبد کی تعمیر

بنانے کو جو آئے وانکے معمار
گھڑے مین وہ چنے پھوٹے جو یکبار

بیٹھی وانکی زمین اوبھری وہ مورت
ہوئے حیران یہ سب دیکھ اوسکی صورت

کہا یہ حال معمارون نے اظہار
تو دوڑا حسن کش جلدی سے مکار

کہا تشریف لائی ہے بھوانی
بڑی کی اوسنے ہمپر مہربانی

شتابی اسنے پھر چندن منگایا
رگڑ کر اوسکے ماتھے پر چڑھایا

گئے معمار سب جب اپنے گھر کو
اونھون نے کی خبر سارے نگر کو

لگے چھوٹے بڑے درشن کو آنے
لگے پان اور مٹھائی سب چڑھانے

کسی سے کچھ انہین درکار کیا تھا
کہ انکا اور ہی کچھ مدعا تھا

جو آتا وان تو کہتے کچھ نہ اوس سے
کچھ اپنے پاس سے اور اوسکو دیتے

یہ سلطان النسا نے سب سنا حال
ہوئی مشتاق درویشونکی فی الحال

آنا سلطان النسا کا پاس درویشون کے اور کامیاب ہونا اون سبھونکا

سواری اوسنے پھر جلدی طلب کی
خود آرائی جہانتک تھی وہ سب کی

چلی سوئے گدا با جاہ و حشمت
تھے اوسکے ساتھ سب سامان شوکت

کئی اوسکی مصاحب یون تھین ہمراہ
ستارون مین ہو جیسے جلوۂ ماہ

قریب بتکدہ جسدم وہ آئی
کئی سوگشتیان ہمراہ لائی

سراپا اب دوبارہ کیا لکھون مین
یہ بہتر ہے کہ یعنی چپ رہون مین

جو کچھ تصویر مین اوسنے لکھا تھا
سراپا فرق اصل و نقل کا تھا

نظر اوسکو پڑا جب شاہزادہ
کیا تسلیم کا اسنے ارادہ

وہ اوسکے پاس تا جسدم خود آئی
تو تا ہتہ آئی مگر اسکے خدائی

ہوئے غش دیکھتے ہی اسکو یکبار — وہ شہزادہ بھی اور سب اوسکے غمخوار

پھر اوسنے بیٹھکر اوسکے برابر — رکھا آغوش میں اوسکا وہیں سر

گلاب اوسنے شتابی سے منگایا — اور اوسکے منہ پہ ہاتھ اپنے سے چھڑکا

مصاحب جو تھیں فرمایا یہ اونکو — کہ تم چیلوں پہ اونکے جاکے چھڑکو

جب آیا ہوش میں وہ خود فراموش — اوٹھی تسلیم کو یہ غارت ہوش

ہوا یہ شاد دل سے اور گیا غم — زلیخا کا پڑھا یہ شعر اوسدم

بہ بیداریست یارب یا بخواب است — کہ چشمم من زجانان کامیاب است

مصاحب اوسکی سب مجرے کو آئیں — اور اوسنے نذر کو کشتی منگائیں

کہا اوسنے نہیں کچھ ہمکو درکار — فقیروں کو نہیں دنیا کا کچھ پیار

بلاکر حسن کش کو اوسنے اندر — کہا لاؤ فقیروں کا جو اہر

سخن سنکر مطابق آرزو کے — سبھی آگے رکھدیا لاکر گرو کے

تو اوسنے کھولکر صندوق فی الفور — اوٹھاکر ہاتھ سے اپنے بطور

وہ سلطان النسا پر رکھدیا تاج — کہا قائم ہو تیرا حشر تک راج

گلے میں ڈالدی وہ اوسکی سیلی — خراج اک ملک کا تھا جو اکیلی

وہ سمرن ہاتھ میں اوسکے پنہائی — کہا اوسنے کہ مجکو اب کل آئی

جب اوسنے کشتیاں اپنی منگائیں — تو وہ سب وان کے لوگوں کو لٹائیں

کہا پھر اوس سے سلطان النسا نے — دیا مجکو بھی ہے سب کچھ خدا نے

تمنا ہے ولیکن اب یہ میری — کہ مجکو بھی سمجھکر آپ چیلی

کرو اب سربلند میرے مکاں میں — بہت سا پھر چکے سارے جہاں میں

کہا اوسنے کہ ہاں کرتے تو ابرام — ولے درویش کو کیا قید سے کام

کہا اوسنے کہ اسمیں قید کیا ہے — نہیں تو یاد اوسکی مدعا ہے

نہین کچھ یاد پھر لے پر مقرر
یہی بہتر ہے اوسکی یاد بھی ہو
بدل جانا ہی تھا اوسکو تو منظور
کہا پھر اسنے جو مرضی تمہاری
سعادت نے جو ہاتھی کو بٹھایا
مصاحب اسکے اور اوسکے تھے غمخوار
دیا ہر ایک کا جہات مین ہات
سواری پر بٹھا خرد و کلان کو
خوشی سے لیگئی اپنے مکان پر
ادا کو شکر شہزادیکے سب یار
قی یہ رسم کی اسے عشق پرفن
ہوئے واخل وہ جب اپنے مکانمین
بہشت آنکا کہ آزادے نیا شد
لگے رہنے خوشی سی پھر وہ وزرا
اوٹھائے جسقدر تھے رنج و محنت
برادر اور پدر بھی تھا نہ جیتا
کسیکی انکو تہی مطلق نہ دہشت
نہ وہ عشرت جسے کہتی ہین عشرت
کٹے دو چار دن اسکو بامن طور
کہ اتنی سوستے ایسی کوئی بات
تو دشمن بات آیا سینے میں آ کر

جہان بیٹھو وہین ہے آلگا گھر
اور اسمین دل کسیکا شاد بھی ہو
وطن سے عذر کا دنیا مین دستور
کہا اوسنے کہ ہان لاؤ سواری
پکڑ کر ہاتھ ہر اک کو چڑہایا
ہوا ہر ایک کا ہر ایک سے پیار
ہر اک وہ بیگمین ہر ایک کے ساتھ
غرض وہ لیچلی اپنے مکان کو
نثار اوسپر سے کرنے گوہر و زر
یہی کہتے تھے خوش ہوکر وہ ہر بار
کہ بیاہی آن کر دولہا کو دولہن
لگے جیتے ہی گویا سب جنانمین
کسے را با کسے کار ہے نباشد
ہر اک تھا چین مین ہر ایک کے سات
مبدل ہوگئی وہ سب پہ راحت
نہ تھا خاوند سلطان اپنا کا
لگے کرنے بلا وسواس عشرت
تپاک ظاہری خالی محبت
تو دلمین شاہزادے نے کیا غور
جو ہو وے اس سے جسمانی ملاقات
رکھا پھر وقت کے اوپر مقرر

غرض اک رات وقت نصف شب تہا — کہ یہ دونو تہے سوتے ساتھ اک جا
تو اوسنے چونک کر اور خوف کہا کے — کہی یہ بات سلطان النسا سے
کہ میںنے خواب مین دیکہا یہ احوال — کہ تو نے مرد بنکر مجہسے فی الحال
کیا اسطور سے ہے عیش و عشرت — کہ مجکو یاد ہے اب تک وہ لذت
کہا سنکر یہ اوسنے ہوکے بیزار — نکرنا پہر کبہی یہ ذکر زنہار
کہا اوسنے کہ کیون پہر اسمین کیا ہی — کہ ہوتا مرد کچہ ایسا برا ہے
کہ اوسکی بات سے ہوکر خفا تو — لگی کہنے یہ سلطان النسا تو
کہ نفرت مرد سے ہے مجکو حاشا — ابہی کہیئے تو دکہلا دون تماشا
یہ سنکر اوسنے اوس ڈوریکو توڑا — اور اوسکو خوب سا توڑا مروڑا
ملی ملنے سے اسکے اوسکو لذت — ہوے سرگرم پہر دونو بہ عشرت
حلاوت اوسنے جو اوس سے یہ پائی — طبیعت اور بہی پہر اوسکی آئی
یہ شہزادہ تو تہا اوسکا گر عاشق — ولے یہ ہو گئی اب اوسپہ عاشق
نئی عمر اور نئی لذت غضب ہے — قیامت قہر ہے آفت غضب ہے
وہ شہزادہ تو تہا عیار کامل — جو دیکہا اسنے اوسکا خوش ہوا دل
پلنگ سے اوٹہ کے جہٹ بستر پہ لیٹا — وہ ڈورا اپنے پہنچے پر لپیٹا
لگا کہنے یہ سلطان النسا سے — کہ شہ کو ضد نہین لازم گدا سے
خدا نے دی مقرر تمکو یہ قدرت — کہ ہو بنجاے مرد اور گاہ عورت
بظاہر وہ ہوا کہہ کر یہ بیزار — یکایک ہو گیا چلنے کو طیار
وہ اوٹہ کر اوس سے چمٹی آکے یکبار — کہا کچہ خیر تو ہے اے ستمگار
بتا تو مینے تیری کیا خطا کی — طبیعت مجہسے تونے کیون خفا کی
زبردستی سے اک تو توڑا اس آن — مرا سب کہو دیا ہے دین ایمان

کرے انصاف امر نیک و بد کون
نہ کوڈا بیل کو دی خود بخود کون

قدم تو نے اوٹھایا یان سے جس دم
نہو گا دیکھہ لینا مجھہ مین پھر دم

ہوا اس شاہزادہ دلمین مسرور
کہا خاطر ہے تیری خیر منظور

رہین گے پاس تیرے گرچہ دن رات
ولیکن اب نہین ہو نیکی وہ بات

کہا اوسنے لجا کر شرم کہا کر
تلے کی آنکھہ اور سر کو جھکا کر

کہ کیا اوس بات کو کہتا ہے چل دور
یقین کر اب ہے مجکو کب وہ منظور

فقط دل سے تری ہے مجکو الفت
نہین تیری طرح مین بیمروت

کہنے اوس بات پر گر آپ کو ہو
تو بہتر ہے ابہی یان سے سدہارو

خدا ہی کا مجہے ڈر آگیا ہے
کہ تجکو مینے اب جتیا رکہا ہے

سمجہے درویش اور مہمان سمجہہ کر
دکہا تہا جان اور دل کے برابر

سو تو نے کام اب ایسا کیا ہے
کہ گردن مارنا تجکو روا ہے

ولیکن خوف آتا ہے یہ مجکو
ابہی جو قتل کرواتی ہون تجکو

تو اسمین ایک تو بدنام مین ہون
سوا اسکے ہوا اک درویش کا خون

بظاہر اوسنے جو کی یہ رکہائی
ہنسی تب دلمین شہزادی کے آئی

وہ ڈورا کھولکر جھٹ پاس آیا
پکڑ اوسکو چھپر کھٹ پر لٹایا

زبان سے گرچہ وہ کرتی تہی انکار
بہرا چتون مین تہا پر اوسکی اقرار

کہا اوسنے نہین اب تاب عشرت
پر اسنے کہولدی الا باب عشرت

حلاوت پہر دوبارہ وہ اوٹھائی
کہ گویا تہی وہ گپ چپ کی مٹھائی

نیا اسن تہا نیا تہا عیش و عشرت
رہے دو پاس تک سرگرم صحبت

فراغت ہو کے بیٹھے تہے وہ باہم
ادہر یہ خوش اودہر وہ شاد و خرم

بلائین لیکے سلطان النسانے
کہا اوس سے کہ دیو اسنے یہ سن لے

خدا نے بادشاہت وہی ہے مجکو
گرداب کسطرح رکھون مین تجکو

یہ سنکر شاہزادہ دل سے بولا
کہ اب توچاہئے راز اپنا کھولا

کہا اسنے یہ سلطان النسا سے
کہ تو ممنون ہو ذات خدا سے

ملا اوسنے دیا تجکو جو مجھسا
اگر تو ڈہونڈہتی ایسا نملتا

پدر میرا ہے ایسا شاہ عالی
کہ ہفت اقلیم کے جتنے ہین والی

وہ میرے باپ کو ہین سر جھکاتے
تحائف نذر کو اوسکے ہین لاتے

نہ باور ہو جو میری گر بادشاہی
تو اسدم ہوے یہ میرے سے گواہی

کہ تیرے پاس ہی ہے ملک اور راج
تو اسکے ساتھہ کا دکھلا مجھے تاج

دئے جیسے ہین سنے تجکو گوہر
دکھا تو ایک تو اونکے برابر

پہر اوسنے حسن کش کو بھی بلایا
سب اوسنے قصہ اپنا کہہ سنایا

کیا تب شکر سلطان النسا نے
کہ ملوایا مجھے تجسے خدا نے

سنا جب اسنے ہی یہ شاہ عالی
تو اسنے بھی پہر اپنی سیج نکالی

مکان بنوانا سلطان النسا کا واسطے جوان بخت شاہزادیکے

کہا شہزادی نے ارشاد ہے سر تب
جدا ہو اک مکان جلدی مرتب

کیا اوسنے تکلف اوسمین ایسا
سنا ایسا نہ اور آنکھوں سے دیکھا

جڑے سنے چھت من اوسکی کل جواہر
لٹکتی موتیون کی اوسپہ جہالر

مکان بلور سے وہ سب بنا تھا
جواہر طاق بندی پر جڑا تھا

پڑے پردے بچھا فرش اور لگے جہاڑ
نصب تھے آئنے دیوار کی آڑ

لگین شاہوں کی تصویرین برابر
بچھی کرسی چھپر کہٹ کوچ یکسر

ادہر تھا بے بہا شاہانہ مسند
غرض جو شئے تھی وان زیبا تھی بیحد

اور اوسکے صحن مین تہا اک عجب باغ
کہ کہاوے رشک سے جسکے ارم داغ

جو اکثر باغمین رہتی تہی وہ گل
تو اوسکا پیچ تہا زلفون سے سنبل

وہان جو پہول تہا سورج مکہی کا
جدہر پہرتی تہی وہ فوراً پہرتا تہا

گلاب اوسمین جو خوبی سے کہلا تہا
تو اوسپر عکس عارض کا پڑا تہا

جہکی بادام سے جو شاخ بادام
کرے تہی چشم و ابرو کا مگر کام

سمجھا پکڑے جو وان نرگس کہڑی تہی
تو اوسکی ٹکٹکی اسپر لگی تہی

نہوتی کیونکہ نا فرمان مین خوبی
ہنسی تہی اوسنے اسکا فرق کی دیکہی

نہو خوشتر تک وان کا سیب کمراہ
زنخ کی اوسکے دلمین تہی بہری چاہ

وہ نازک تن کسی کے آگے کب بات
کہ دیکہی تہی انہون نے اوسکی تو گات

خیار اسکا جو پنجہ تک رہا تہا
کسی معشوقہ کی کیونکر وہ پہرتا

کیا کرتا تہا اسکو جہک کی تسلیم
کہ پائی سرو نے تہی قد سے تعلیم

غرض جتنے سکے میوے اور گل تہے
اسی کے عکس سے شاداب گل تہے

روش جو سنگ مرمر کی بنی تہی
تو اوسمین بہی جلا کا ہی تہی

مصفا نہر پتہر کی تہی نایاب
بہرا تہا اوسمین مثل آئینہ آب

کئی فوارے تہے اوسمین سے جاری
جب اوسکی ہوچکی بالکل تیاری

کہا اوس سے یہ سلطان البتانے
کہ اب حمام کو جاوو نہانے

بدن پر سے چہوڑا اوراہ کی خاک
نکل کر پہنے شاہانہ پوشاک

نہا کر وہ ہوا ناگاہ شگفت
کہ ہو کا تک مین جیسے ماہ شگاف

فراغت جب ہوئی نہلا کے اوسکو
کہا پوشاک حاضر ہے پہن لو

کہ سلطان البتانے کر اوسے پیار
کیا اک سونیا جوڑا تہا تیار

لگائی تہی بنت اوسنے سراسر
ٹکے تہے جسمین بالکل لعل و گوہر

[illegible]

پہنی پوشاک اور رکھہ تاج کلغی — سمجا جیغہ کہ تہی وہ رسم شاہی
وہ باندہے نورتن بازو پہ فی الحال — گلے مین مالا مروارید کا ڈال
بلایا اونکو جو تہے ساتہہ کے یار — سبھونکے توڑ کر ڈر ہم وہ یکبار
وہ چڑہکر تخت پر اور سر پہ رکھہ تاج — چلا ہمراہ اپنے لیکے افواج

داخل ہونا سلطان النسا کا مع شاہزادہ مکان نوتیار مین اور جشن کرنا

گیا آگے وہ شہزادہ یکہ ناگاہ — نکل آیا تہا گویا ابر سے ماہ
نظر پڑتے ہی بس اوسکو غش آیا — تب اوسنے دوڑ کر جلدی اوٹہالیا
جب آیا ہوش سلطان النسا کو — بجا لایا وہ تب شکر خدا کو
پکڑ کر ہاتہہ شہزادے کا یکبار — چلی وہ اوس مکان کو تہا جو تیار
ہوی داخل جو اوسمین یہ خوشی سے — تو دونون آکے اوس مسند پہ بیٹہے
جہان تک ساتہہ شہزادی کی تہے یار — خوشی حاصل ہوئی اونکو پہر اکبار
اور ہمراہ اوسکے جو تہے ہمراہ خوش تہے — مصاحب اوسکے بہی واللہ خوش تہے
ہوئی اوس وقت سلطان النسا شاد — کیا پہر جشن شاہانہ کو ارشاد
طوایف وانکی تہی جو جو کہ ممتاز — حسین زہرہ جبین خوشتر و خوش آواز
لگین آتے ہی وہ گانے بجانے — شہانے راگ شادی کی ترانے
غرض شادی ہوئی خرد و کلانکو — ہوئی فرحت ہر اک پیر و جوان کو
وزیر اوسکے نے پہر اوٹھکر شتابی — جہٹ اونکے روبرو رکہدی گلابی
لگا چلنے وہان پہر جام کا دور — تو اوس محفل کا کچہ عالم ہوا اور
طلوع نشہ نے کی جبکہ درخواست — ہوا پہر حکم محفل کو کرو برخاست
یہ سنتے ہی سبھی عزا اور یگانے — اوٹہہ آئے وہان سے سب اپنی ٹہکانے

کیا پھر شہ نے عشرت کا ارادہ
مسہری پر گیا وہ شاہزادہ

پکڑ کر ہاتھ سلطان النسا کا
مسہری پر جو شہزادی نے کھینچا

وہ کرنا زور ادا آئی بمشکل
کہ تا مشتاق شہزادہ کا ہو دل

رہے تا دوپہر مشغول عشرت
سفر کی سب نکالی دل سے کلفت

اسی صورت سے تھا معمول جاوید
کہ شب تھی شبرات اور دن وسی عید

خوشی سے اسطرح گذری جو مدت
کہ تھی ہرگز نہ کچھ دل پر کدورت

فلک نے جب انہیں خوشحال پایا
تو اونکا وصل پھر اسکو نہ بھایا

کسیکا وصل اوسکو کب ہی منظور
کہ یہ ظالم ہے اپنی خو سے مجبور

ہوا اِس بات کے ناحق وہ درپے
کہ برہم کیجے انکا عیش اور مے

روانہ ہونا شاہزادی کا معہ سلطان النسا کے طرف وطن اپنے کے

خوشی تھی یاں تو یہ خرد و کلاں سب
سنو اوسکے پدر کی داستان اب

کہ جب واں سے چلا تھا شاہزادہ
تو تھا درد و الم اوسکو زیادہ

جہانتک سلطنت کے تھے امورات
نہ اودن پر ڈالتا تھا وہ کبھی بات

وزیروں نے نہایت تنگ آکر
یہ کی تب عرض اوس عارف سے جاکر

کہ ہے بیٹے کا جو اس شاہ کو غم
تو ہوتا اسمیں ہے برباد عالم

ہماری عرض ہے اتنا تو کیجے
تشفی یعنے اوس محزون کو دیجے

گیا وہ شاہ کی خدمت میں درویش
کہا بیٹے کے غم سے ہو نہ دلریش

وگرنہ ہوگی سب بیچین خلقت
یہ تیرے پاس ہے حق کی امانت

امانت میں خیانت ہو نہ زنہار
اگر ہے ملک و ایمان تجکو درکار

خوشی سے ملک اپنا رکھ تو آباد
ترا بیٹا ملے گا تجھسے رہ شاد

یہ سُنکر خوش ہوا وہ شاہِ عظام — وہیں جاری کیا اِک ایک احکام
اسی صورت سے اِک مدت بر آئی — کہ بیٹے کی خبر کچھ بھی نہ پائی
بہت مدت میں پہر جب ہوگئے ناس — گیا روتا ہوا درویش کے پاس
کہ پہنچو نہیں کہاں تک انتظاری — نہایت ہے مجھے اب بیقراری
کسیصورت سے اب اوسکو بلاؤ — کسی شکل اوسکو تم مجھسے ملاؤ
یہ سُن درویش کو پہر رحم آیا — کہا اچھا اسیصورت سے ہوگا
توجہ کی جو اوس عارف نے یان پر — یہ دیکھا خواب شہزادی نے وان پر
کہ جلدی کوچ کر وان سے جوان بخت — یہان بے چین ہے تیرا پدر سخت
اسے تہا اعتقاد اونپر تو کامل — تمہارا رہنا اوسکو وان دم بہی مشکل
ہوا وہ ناگہان چلنے کو تیار — کہا یہ خواب شہزادی سے ناچار
کہا اوسنے جو کچھ تیری رضا ہے — بہر صورت وہی میری رضا ہے
بلا کر حسن کش کو اوسنے فی الحال — سُنایا خواب کا سب اوسکو احوال
اور اوسکے بعد فرمایا کہ دستور — مجھے ہے کوچ یان سے جلد منظور
کرو اسباب کی جلدی تیاری — کرو ہر طرح کی حاضر سواری
کہا اوسنے کہ اے حضرت بہت خوب — وہ لیجے مجھسے ہووے جو کہ مطلوب
کہا شہ نے یہ سلطان النسا نے — نکالا اب ہمیں یان سے خدا نے
کسی صورت رہے یہ شہر آباد — تو البتہ رہے گا دل مرا شاد
رفیق اپنے کو اسنے تب بلا کر — کیا اوس شہر کا والی مقرر
وہان جو جو کہ تھے ارکان دولت — دئیے سبکو بلا کر اسنے خلعت
فراغت ہو چکا جب شاہزادہ — کیا چلنے کا پھر وان سے ارادہ
منگائے فیل کسوا کر عماری — کہ سلطان النسا کی ہو سواری

اوسی عرصہ مین پہر حاضر ہوا تخت — تو اوسپر آن کر بیٹھا جوان بخت
روانہ پیش خیمہ ہو گیا تھا — توقف اوسنکے پہر چلنے مین کیا تھا
چلی جسوقت پہر وان سے سواری — تو کرتے تھے وہان سب آہ و زاری
غرض یہ تو چلے تھے شاد شادان — ولیکن لوگ تھے سب وان کے گریان
چلا جاتا تھا ہر اک شاد و خرم — کہ با مقصود اپنے گہر چلے ہم
نہ تھی معلوم پر تقدیر کی بات — لکھی ہین کیا ابہی قسمت مین آفات
یہ شہزادہ بہادر تہا نہ ڈرتا — ہر اک جنگل مین بیخوف و خطر تہا
جدا ہوا ان سے ہر منزل کی اوسکے کرتا — شکار اوس بنمین کہیلے تہا وہ اکثر

تباہ ہونا حال شہزادہ کا سلطان النسا سے چہوٹکر اثنائے راہ مین اور پہر کا [illegible]

ایا ع وصل مجکو ساقیا دے — فلک بچہڑے ہوئے اپنے ملا دے
سنو اک اور تم غم کی حقیقت — کہ اب آتی ہے شہزادے پہ آفت
گیا تھا چہوڑ کر انکو جہاندار — شکار اک بن مین کرنے کو مع یار
چلا تھا لیکے اوسکو جب بذار — تو یہ پہونچی تہی سب ملکو مین اخبار
قریب اوسکے تہا اور اک شاہزادہ — کہ تہا مدت سے اوسکا بہی ارادہ
لکہے تہا اوسکو ہرکارہ ہر آن — کہا اوسنے کہ اب خالی ہے میدان
یہ سنتے ہی لیا اوسنے جو یلغار — تو آیا برق سا با فوج جرار
یہان ان عورتون نے دل مین سمجہا — کہ آیا پہیر کرکے شاہزادہ
لیکا یک آگیا ان پر وہ لشکر — کہ آئے باز جیون چڑیا کے سر پر
وہان وہ جسقدر بیٹھی تہین عورات — سوارون نے پکڑ اکا کیا ہات
ہر اک کو اپنے گہوڑے پر بٹہایا — پہر اوسکے بعد خیمہ سب جلایا

لیا ہمراہ اپنے فیل گھوڑا — نشان لشکر اوسنے کچھ نہ چھوڑا

چلا پھر کر خوشی سے وہ بعجلت — مراد اوسکی بر آئی بعد مدت

ہر اک عورات تھی لاچار و مجبور — نکلتا تھا کچھ اوسسے انکا مقدور

یہ جی کہونے پہ تھین سب مستعد پر — پر آسئے لبسمین تھین مجبور و ششدر

وسلے اونمین جو سلطان اپنا تھی — گرفتار مصیبت اور بلا تھی

بنائی تھی عجب کچھ اوسنے حالت — کہ آئے دیکھنے سے جسکو رقت

لپیٹے خاک منہ پر مو پریشان — برنگ گل کیا تھا چاک دامان

ہر اک مژگان تھی اوسکی اشک طوفان — لبان شمع تھی گریان و سوزان

پریشان بال کر منہ کو چھپایا — کبھی صورت نہ اپنا منہ دکھایا

نکر بابت اور کھانا نہ پینا — وبال جان تھا اوسکو اپنا جینا

جو شہزادی نے دیکھی اسکی حالت — بمقدور اوسنے کی زاری و منت

اثر جب کچھ نہ دیکھا تب یہ بولا — کہ ان باتون سے پھر اب فائدہ کیا

نہین ہین چھوڑ نیکا تجکو تا زیست — کرے ہے تلخ کیون اپنی بھلا زیست

کہ اب تو مجھ سے عشرت کا ارادہ — کہ مین بھی تو ہون ویسا شاہزادہ

کہا اوسنے کہ بیہودہ نہ بک بات — کہین رہتی ہے بلبل زاغ کے ساتھ

گلستان بھی کبھی تونے ہے دیکھی — کہ فرماتے ہین حضرت شیخ سعدی

نیاید کس بزیر سایۂ بوم ٭ — ہما گر از جہان میگشت معدوم

زلیخا بھی پڑھی ہے تو نے ناکام — کہ کیا کہتے ہین حضرت مولوی جام

چو دل با دلبرے آرام گیرد — ز وصل دیگران کے کام گیرد

مگر ہان بس مین تیرے ہون مین ناچار — یہ ہے مقدور تیرا جان سے مار

یہ سوچا یون نہین یہ ماننے کی — کرونگا تنگ گر تو جان دیگی

ابھی چھوٹا ہی اس سے اسکا شوہر — غم اوسکا چھا رہا ہے اسکے دل پر
مگر ہان کیجیئے اب اسکی خاطر — کہ ہوتا ہے ہر اک خاطر سے حاضر
یہ دلمین سوچکر اسنے کہا تب — جو کچھ ہونا تھا وہ تو ہو چکا اب
پھر اب جو کچھ تجھے منظور ہووے — کہ جس سے غم ترا یہ دور ہووے
بتا جسمین کہ ہو تیرا گذارا ؛ — ترا یہ غم نہین مجھکو گوارا ؛
کہا پھر اوس سے سلطان البلد نے — کہ مجکو اب دیا ہے غم خدا نے
اوسیکو جب کبھی ہوویگا منظور — تو ہو جاویگا اک ساعت مین غم دور
مگر تو ظلم سے ہمکو امان دے — جدا اک رہنے کو ہمکو مکان دے
ہماری تو یہی بس آرزو ہے — خورش پوشش کا اب مختار تو ہے
پھر جب اسکے شہزادے نے جاکر — مکان اک کر دیا اوسکو مقرر
کیئے معمول کھانے کے کئی خوان — غرض کرتا تھا خاطر وہ ہر اک آن
یہان کا تو سنا یہ قصۂ غم — سنا اب شاہزادیکا بھی ماتم
کہ آیا سیر سے جدم یہ پھر کر — جو دیکھے وان نہ خیمہ ہے نہ لشکر
تمام اوس بن مین ہر جانب نظر کی — نظر آئی نہ وان صورت بشر کی
کہا یارون نے تب اوس سے کہ اے شاہ — مگر بھولے ہین اوس جنگل کی ہم راہ
پھرے اوس بن کیجانب پھر وہ ناچار — بھٹکتے جابجا پھرتے تھے سب یار
پھرے سر مارتے بن مین کئی دن — سراغ اونکو ملا اوسکا نہ لیکن
غرض وہ شاہ اور وہ یار شہ کے — اوسی جنگل مین سب پھرتے تھے بھٹکے
وہ پھرتے پھرتے اوس جنگل مین آئے — جہان اوسنے وہ خیمے تھے جلائے
پڑی تھی خاک خیمے کی جو کالی ؛ — وہ شہزادے نے اپنے سر پہ ڈالی
لگا وہ کاٹنے گردن چھری سے — کہ مین گذرونگا یان اب اپنے جی سے

کہا یہ حسن کش نے ہو کے ناچار
کہ اس سے کچھ نہین حاصل جہاندار
ہو جی اسقدر اب آپ مغموم
زرا کرلیجئے پہلے تو معلوم
کہ اس خیمے مین سب چلکر گیو مر
کوئی یا لیگیا انکو اوٹھا کر
یہ سمجھا کر اوسے وان سے اوٹھایا
بمشکل اوسکو گھوڑے پر چڑہایا
چلے وانسے یہ روتے پیٹتے سب
نہ تھا آب و خورش سے انکو مطلب
مگر یک چند وہ شہزادہ نیک
پھرا پڑہتا ہوا ترجیع بند ایک

ترجیع بند

گردش مین جو ہین مرے ستارے
تو وہ بھی ہین اندنون سدہارے
قاصد تو مفصل اوس سے کہنا
حالات جو کچھ کہ ہین ہمارے
اور میری طرف سے یہ زبانی
کہنا اوسے دیکے خط کہ پیارے
تھی تم سے ہمین یہی توقع
دشمن بھی تو ہم نہ تھے تمہارے
تمنے جو کیا کنارہ ہم سے
ہم پہونچے ہین گور کے کنارے
آتا ہے جو یاد تیرا جانا
چلتے ہین جگر پہ غم کے آرے
ہر شب تری زلف یاد کرکے
عاشق ترا کیون نہ جان مارے
اے آئنہ رو ہے مجھکو حیرت
یہ کسکے ہوے تمہین اشارے
جو بیکہے اوڑگئے لیکا یک
سیماب کیطرح ماہ پارے

رغبتی دو مرا خبر نکر دی
بر جبکسیم نظر نکر دی

ہے مانگ کا دہیان لیے چہایا
دو ٹکڑے جگر ہوا ہے میرا
فرق اسمین نہین ہے یکسر مو
ہر رات و بال جان ہے گویا
اوس سلک گہر کی یاد مین اب
آنکھون سے ہے منہ یہان برستا

تعویذ ونکا کرتے ہی تصوّر ؛ انگارا سا دل جگر یہ دہکا
مین غم سے گھٹون نہ کیون کہ ہر ماہ — رہتا ہے خیال اوس جبین کا
ابرو کی جو یاد جنبش آئی — چلتا ہے جگر پہ غم کا آرا ؛
مژگان کا جو ہے اِسے تصوّر — اب فوج الم نے دلکو گھیرا
پتلی ہے عجیب بانیٔ طلسم — دکھلاتی ہے آنکھ ہمکو کیا کیا
قاصد تو مری طرف سے کہنا — کس نے تجھے اسقدر سکھایا ؛

رفتی و مرا خبر نکردی
بربیکسیم نظر نکردی

اوس چشم کی یاد ہے مجھے اب — حیران نرگس صفت ہون ہر شب
سرخی و سفیدی و سیاہی — مجکو نہین چھوڑتی ہین یہ سب
پھرا ہے یہ کمپنی کا گویا ؛ — ہے قید فرنگ مجھہ پہ بیڈہب
قاتل یہ طلسم کی ہین پتلی — جینا مرا سب کو ہے عجائب
وہ کان تو عیش کے ہین ارکان — دھیان اونکا ہے کان غم کی یارب
بالا ہے وہ جیسے مہ پہ ہالا — موتیکی جھلک سے ہے مثل کوکب
ہون حلقۂ ماتمی مین بیٹھا — اوسکی مجھے یاد آئی ہے جب
ہر وقت مین باندہ کر تصوّر — کہتا ہون نہین اوس سے اوشکر لب
کیا مجھسے خطا ہوئی اب ایسی — یکبار جو یان سے جانئے کب

رفتی و مرا خبر نکردی
بربیکسیم نظر نکردی

عارض ہین جو اوسکے وہ منور — جون لالہ ہین یا کہ ماہ انور ؛
ہر دم جو ہے مجکو یاد اوسکی — ہے داغ مرے دل و جگر پہ

یاد کبھی جو وہ اوسنے ایسی بینی — غمناک ہون اوسکی یاد کر کر
یاقوت سے اوسکے دونو لب ہین — یاقوت ہے عاشقون کا وہ پر
لپکا مجھے پڑگیا ہے اونکا — پہونچا لب گور اب مین مضطر
کر یاد مین ہونٹ چاٹتا ہون — اب دیکھیئے کب ہون وہ میسر
مین شکل کا اوسکی کر تصور — اور موند کے اپنے دیدۂ تر
کہتا ہون کہ واہ آفرین باد — کیا رسم وفا یہی تھی دلبر

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

دندانکی چمک وہ آید اری — ہے برق کو بس سے بیقراری
یاد اوسکی مین آہ برق سا ہون — نینان کیطرح ہے اشکباری
کیا کہیئے دہن کی اوسکے تنگی — تعریف مین جسکی ہو مین عاری
معلوم نہین کہ وہ کہان ہے — دیکھون تو ہو کچھ زبان سی جاری
پر پان سے کچھ پتا ملے ہے — گر کیجیئے غور سخن دخواری
جون غنچۂ گل مین ہووے پتی — یون منھ مین زبان ہے تمہاری
جب ملکے مسی وہ پان چابے — شبخون کی ہو جسطرح تیاری
مین ڈرتا ہون جو مرا ایک شب خون — ہے دلمین بسی وہ شکل پیاری
کوٹھا مرے دلکو ستیکے دشمن — کی تونے یہ خوب دوستداری

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

دیکھے جو زنخ کا اوسکی عالم — آسیب ہو سیب کو اوسیدم
جبدن سے ہے چاہ اوسکی دلمین — گرداب بلا مین پھنس گئے ہم

اور خال ہے اوسمین اک نمایاں
گویا مہ چاہ نخشبی ہے
داغ اوسکا ہے یہ نہین سویدا
گردن وہ صراحی دار اوسکی
عاشق کے ہے حق مین وہ توگویا
ملتی نہین دیکھنے کو وہ اب
یہ خواب مین مینے اوس سے کی عرض

کچھ ماہ سے بھی دو چند ہمدم
گا ہے نہین اوسکی روشنی کم
فرقت کا ہے دلمین اسقدر غم
دیکھے جیسے ہو مرا ایک خرم
جون آب حیات و آب زمزم
ہے جی مین یہی کہ کھائیے سم
بیجرم و گناہ ہو سکے برہم

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

سینہ نہین بحر حسن کا ہے
اور اوسپہ نشان حباب سی دو
یا کلیان کنول کی ہین کہ بھونرا
یاد اوسکی مین چشمہ نیلگی چشم
پیتا ہو نمین اوسکا دہیان کر کی
ہے دل پہ جو اوسکا کچہ تصور
غنچہ کیطرح سے بستگی ہے
اوس گات کی یاد مین ہمیشہ
اللہ ری تیری سخت چھاتی

وہ جانے جو اوسکا آشنا ہے
باہم جو ہر ایک خوشنما ہے
اون دونون پہ آلپیٹ رہا ہے
دریا کیطرح سے خون بہتا ہے
اور آنکھون مین دم حباب سا ہے
اک داغ سیاہ پڑگیا ہے
دل سخت بلا مین آپہنسا ہے
سینے سے پیا تھے کب جدا ہے
یہ تونے ستم نیا کیا ہے

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

مہ پارہ کا کچہ شکم نہ پوچھو
سیماب کا بحر ہے وہ یارو

اور ناف ہے اوسکی چاہ نخشب
یا داوسکی ہین دل ہے پارہ پارہ
غم سے نہین مشتبق وکم ہے فرصت
اور چاہ مین ناف کی ہون ڈوبا
کسطرح مین اس بھنور سے نکلون
ہے حسن کے باغ کی خیابان
خاشاک کو دیکھیئے تو گویا
ہین اوسکا اسیر مو بمو ہون

گرداب بلا ہے یا وہ مجکو
مین غم کی لپیٹ مین ہون ابتو
اسکا تو علاج کچھ بتاؤ
اب پھر خدا مجھے نکالو
تم راہ کوئی مجھے بتاؤ
گر غور سے زیر ناف دیکھو
ممکن نہین اوسمین نام کو مو
اور تو نے دغا سے پاکے قابو

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

ہے اوسکا جو وہ مکان مستور
سمجھے اوسے وہ شگاف گندم
خواہش مین ہوا ہے اوسکی میرا
رانین وہ بھری ہوئی ہین شفاف
یا داوسکی مین کیون نہ دل بھر آوے
ہین ساق بلورین اوسکی ایسی
سر تا بقدم ہے کیا سراپا
پاتا نہین مین نشان جو اوسکا
اوس شکل کا باندہ کر تصور

کیا اوسکی صفت ہو چشم بد دور
آدم ہوے جس سبب سے مقہور
اب سینہ شگاف اور دل چور
حیران ہو دیکھ کر جسے حور
اور کیون نہ بنے یہ چشم ناسور
ہو دیکھ کے شمع جسکو کافور
سانچے مین ڈہلا وہ بقعۂ نور
اپنا نہین اور کچھ تو مقدور
صنعت کی زبان پہ ہے یہ مذکور

رفتی و مرا خبر نکردی
بر بیکسیم نظر نکردی

بہت مدت کے بعد اک شہر آیا — ہوا اون غمزدون کا وان گذارا
ہر اک تہا حال کو وان اونکے تکتا — ولیکن خوف سے کچھ کہہ نہ سکتا
کسی نے حال پر گر رحم کہایا — وہ اونکے واسطے کہانیکو لایا
یہ بولے ہم نہین کہاتے ہین کہانا — کہ دیوانے ہین ہم عالم نے جانا
کہا اوسنے کہ ہے یہ کیا حقیقت — بنائی کسلیئے تمنے یہ صورت
تو ہوکر حسن کش نے مضطر حال — سنایا اوسکو بالکل غم کا احوال
کہا اوسنے یہ مشکل ماجرا ہے — اوسے تو شاہزادہ لیگیا ہے
بہت مدت سے تہا وہ عاشق زار — پر اوسپر تہا نہ قابو اسکا زنہار
تو اب وہ پاکے قابو لیگیا ہے — ولیکن حال اوسکا یون سنا ہے
کہ شہزادہ ہی اوسپر عاشق زار — ولے شہزادی شکل اوسکی ہی بیزار
وہ روتی ہے نہ کہاتی ہے نہ پیتی — خدا جانے کہ ہے کسطرح جیتی
یہ سنکر خوش ہوا وہ شاہزادہ — کہا اب جنگ کا کیجے ارادہ
سبہون کو ہوش پہر بخشا خدا نے — ہر اک کی عقل بہی آئی ٹہکانے
کیا پہر حسن کش نے دہیان دلیر — گئے تہے چہوڑ ہم کسجا یہ لشکر
کیا تحقیق پہر پاین تباہی — کدہر افواج ہے وہ پادشاہی
طلب مین خط کیا اوسکی روانہ — کہ آوے کوچ کر روز و شبانہ
مقام اوس شہر مین اپنا کیا پر — نکہولا راز وان اپنا کسی پر
کئی دن بعد آئی کرکے یلغار — وہ فوج قاہرہ خونریز جرار
جو پایا فوج نے وہ شاہ عالی — زبان سے حمد پہر سب نے نکالی
جو تہے سالار لشکر سب نے آکر — کہا کیا حکم ہے اے بندہ پرور
جو کچہ احوال تہا سب کہہ سنایا — کمیت عزم اوسجانب بڑہایا

تو وہ بھی ہیبت آگہہ ہوا تھا — کہ آیا شاہ سلطان النسا کا
لکھا پھر اسنے ہو جلدی خبردار — کہ آ پہونچا ہے اب شاہ جہاندار
لکھا اوسنے کہ میرے یہ کہان بخت — کہ آئے گہر مرے شاہ جوان بخت
ہوئی تقصیر ہے جو مجھسے ناگاہ — نہین آگاہ تہا مین اس سے واللہ
مری ہے عرض تجھسے ای خطابخش — خطا یہ پھر سلطان النسا بخش
بجا لاؤن جو کچھ ہو مجھسے ارشاد — ولے کیجے نہ میرا ملک برباد
بہت بھیجا جواہر پیشکش کو — بلا کر اسنے پوچھا حسن کش کو
کہ کہئیے اس سے کیا ہے ارادہ — بہت ہے ملتجی یہ شاہزادہ
کہا اوسنے نہین یہ ذات شاہی — کہ چاہین آپ اب اوسکی تباہی
شہنشاہون کا ہوتا ہے یہ معمول — کہ کرتے ہین ہر اک کا عذر مقبول
کہا پھر حسن کش سے اوسنے اچھا — اب اوسکی جا کے تم کر دو دلاسا
لے آؤ ساتھ اپنے تم سواری — نہایت مجکو ہے اب بیقراری
سواری آئی سلطان النسا کی — عجب آئی نظر قدرت خدا کی
چنور کرتے چلا وہ شاہزادہ — جلو مین اوسکی آیا پا پیادہ
یہ کی تب عرض سلطان النسا سے — مجھے معذور رکھیئے اب خطا سے
کہا اوسنے کہ تونے کی ہی خدمت — دلا دیتی ہون تجکو ملک و خلعت
جوان بخت اوسکی تکتا تہا کہڑا راہ — سواری اسمین آپہونچی جو ناگاہ
گئی خیمہ کے اندر وہ سواری — تو اسنے ہاتھ سے اپنے اوتاری
گلے اوسکو لگا کر خوب رویا — کہ ہر اک چشم سے چشمہ بہایا
غرض آکے وہ جب مسند پہ بیٹھی — ہوئی پھر گفتگو باہم خوشی کی
بیان کی باہم اپنی اپنی خواری — کہی پھر اپنی اپنی بیقراری

کہا ہے فضل مجھپر یہ خدا کا ۔ کہ دیکھا منہ جو سلطان لبنا کا
کیا یہ شکر سلطان البنا نے ۔ ملایا تجھسے مجکو اوس خدا نے
جو دونون چپ ہوئے کہکر کہانی ۔ منگائی پھر شراب ارغوانی
پیالی پھر کے شہزادے نے فی الفور ۔ شروع عیش پھر اوسنے کیا دور
ہوئے جسوقت وہ مسرور و مدہوش ۔ گلے مل مل ہوے باہم ہم آغوش
ہوئی حاصل وہ نہین اوسدم وہ عشرت ۔ کہ بالکل اوڑ گئی سب دل کی کلفت
سحر کو کوچ کی ٹھہری تیاری ۔ منگائی اپنی ہر اک نے سواری
وہ آیا شاہزادہ پھر رخصت ۔ دیا شاہ جہان نے اوسکو خلعت
کیا نذر اوسنے پھر مبلغ زر و سیم ۔ ہوا رخصت وہ شہ کو کرکے تسلیم
چلی اسطرح اوس شہ کی سواری ۔ روان ہو جسطرح ابر بہاری
بجز عشرت کے تہا اونکو نہ کچہ کام ۔ چلے جاتے تہے وہ با عیش و آرام
وزیر حسن کش تہا ایک ہشیار ۔ عجب مضمون سوچا اوسکو یکبار
کہا منشی سے عرضی کیجے فی الحال ۔ سب اوسمین کیجیے مرقوم احوال
بلا کر ایک ہرکارہ کو ناگاہ ۔ روانہ کر دیا سوئے شہنشاہ
جب آئی ہاتہہ ہرکارہ کے عرضی ۔ نہ تہی عرضی مگر پائی تہی ہنڈی
خوشی کی تہی لکہی اوسمین ہرکت آیات ۔ چلا جاتا تہا ہرکارہ دن اور رات
وہ پہونچا جبکہ بعد از چند مدت ۔ اوٹہا کر رنج اور سطے کر مسافت
وہ عرضی جبکہ گذرانی تو اوسدم ۔ ہوا خرم نہایت شاہ اعظم
کہا اوسنے زبانی اور پیغام ۔ ہوا حد سے زیادہ اوسکو انعام
ہوا آمد سے بیٹی کی زبس شاد ۔ وزیرون سے کیا یکبار کے ارشاد
کہ سنکے یہ خبر خوش ہے بہت دل ۔ ہوئی ہے جان تازہ مجکو حاصل

داخل ہونا شاہزادہ کا اپنے ملک مین بمع سلطان النسا اور بہرام شاہ باپ اپنے سے ملنا اور خوشی کرنا

پلا ساقی شراب ارغوانی | کہ شادی سے ہوا کو شادمانی

کرو سامان اب جلدی چھٹی کا | ہوا ہے از سر نو اسپہ پیدا

وزیرون نے کیا اسباب تیار | خبر شہ کو ہوئی ازروی اخبار

کہ آپہونچا دلہن لیکے جوان بخت | کہا اسنے کہ ہان تیار ہو تخت

چلا لینے کو جیدم شاہ بہرام | ہر اک کو ہو گئی پھر یہ خبر عام

ہوئی آمد جو شہزادی کی معلوم | جہانمین ہو گئی چارو طرف دہوم

جو تھے اس شاہ کے نوکر اہالی | سواری راہ مین اون سب نے جالی

یہانتک تو ہوا اقبال اوسکا | کیا والد نے استقبال اوسکا

ملا جاکر جبا دس سے شاہ بہرام | کیا یارون کو اوسکے خوش بانعام

نثار اوسپر کیئے پہر گوہر و زر | غنی سب ہو گئے مفلوک یکسر

چلی پہر شہر کیجانب سواری | جھلا جھل ہاتھیون پر تھی عماری

مغرق پالکی صد ہا برابر | لگی تھی موتیو نکی سب مین جھالر

چلی جاتی تہین خالی پہر شوکت | کہ ہو خورشید کو جس سے ندامت

ہزارون اسپ تھے باساز و یراق | سواری کے تھے شہزادی کی مشتاق

چلے جاتے تھے کوتل سب صبا سے | سدا رہتے تھے جو آگے ہوا سے

نکلتا تھا نقیبون کے یہ لب سے | چلو صاحب لقا و سبھی ادب سے

کیا تھا جو بداروں نے عجب کام | کہ مجرا سبکا کرتے عرض لے نام

وہ کرتے اہتمام شاہ اکثر | عصائے نقرئی ہاتھون مین لیکر

عجب اک عجب سے بجتی تہی نوبت | کہ پہونچی شور کی گردون پہ نوبت

عجب آواز قرنا تھی طرب زا — خبر عشرت کی دیتا تھا وہ گویا

وہ روشن چوکیاں بجتی تھیں اوس آن — کہ روشن جسکے سننے سے ہو کان

قرینہ سے وہ یون جاتی تھی پلٹن — روش پر جسطرح مرغان گلشن

چلی آتی تھی فیلون کی وہ یون ہر — اوٹھے کالی گھٹا جسطرح گھنگھور

عماری اونپہ یون ہر اک جھلکتی — کہ گویا ابر مین بجلی چمکتی

سوار ایکے ہزارون ہی پرے تھے — وہ سب فولاد مین گویا چڑھے تھے

تھے اونکے خود فولادی سر و تن — جھلم گردن مین تھی سبکی سراسر

ہر اک کے دستانے ہاتھ مین تھے — سبھی چار آئینے چھاتی پہ باندھے

زرہ پہنے ہوے تھے سب دلاور — پڑی گھوڑون کے اوپر سب کے پاکھر

عراقی اسپ ہر اک اور تازی — ہوا سے جو دین چلنے مین بازی

غرض اس ٹھاٹھ سے آئی سواری — اور اوسکی ماکو تھی یان انتظاری

ہوا بستی مین وہ اسطرح داخل — ہو جیسے جان تن بیجان مین داخل

گیا خدمت مین ماکی جب جوانبخت — بغل مین اوسنے اوسکو لیا سخت

بہت سی دیر تک چھاتی لگایا — وہ روئی آپ اور اوسکو رلایا

ہوئی خوش دیکھ سلطان لیشا کو — اور اس اپنے دلربا کی دلربا کو

اوسے بھی اپنی چھاتی سے لگایا — منہ اوسکا چوم پاس اپنے بٹھایا

پھر اوسکو دی رسوم رونمائی — کہ دولت اوسنے خاطر خواہ پائی

پھر اوسنے شاہ کو اپنے بلایا — کہا بیٹا دلہن تو بیاہ لایا

ولیکن ہمنے کچھ شادی نہ دیکھی — رہی حسرت ہمارے جی مین جی کی

پھر اب لازم ہے تمکو اے شہنشاہ — کہ اپنے روبرو اسکا کرو بیاہ

جو دیکھون اسکی شادی کا مین سامان — تو نکلین دلسے میرے سارے ارمان

کہا اوسنے یہی ہے مجکو منظور | تو کہہ اسبات سے خاطر کو مسرور

بلا دستور کو اوسنے اوسی آن | کہا جلدی کرو شادی کا سامان

کہ سلطان النسا کو یان لیجا | تری دختر اور فرزند میرا

کرو دونونکی پہر آپسمین شادی | وہین تاریخ بہی اوسکی بتادی

اوٹھا یہ سنتے ہی والسی با آداب | منگایا آکے گہر شادیکا اسباب

یہان تو تہا فقط بس حکم درکار | ہوا اسباب شادی جبکہ تیار

تو وان ہی بہجایا سلطان النسا کو | بنایا باپ کا گہر اوسکی خوش ہو

کیا یان شاہ نے شادیکا سامان | نکالیں حسرتیں اور دل کے ارمان

بیان شادی شاہزادہ جوان بخت کا ساتھہ سلطان النسا کے بموجب حکم بہرام شاہ اور بخوشی باہم رہنا اونکا ٭

پلا ساقی مجہے اک آخری جام | کہ ہے اب عیش و عشرت سے مجہکو کام

کیا ارشاد شہ نے یہ فی الحال | کہ حاضر ہون طوائف اور قوال

سب ارباب نشاط آئے جہان کے | ہوئے وہ مجرئی شاہ زمان کے

تو حضرت نے نہایت شاد ہو کر | کیا جب جشن شاہانہ مقرر

بلایا پہر وہان خرد و کلان کو | تماشے کے لیئے پیر و جوان کو

لکہون تعداد کیا مین مہمانکی | کہ دعوت عام تہی ہندوستانکی

رہا چالیس دن تک جشن جمشید | ہوئی دعوت برآئی سب کی امید

دکہا کر نیک ساعت پہر سر شام | چلا پہر بیاہنے کو شاہ بہرام

جب آیا باندہ کر سہرا جوان بخت | منگایا اوسکی خاطر شاہ نے تخت

چلی اس دہوم سے اوسکی سواری | کہ لکہنے مین قلم ہے جسکی عاری

غرض آیا تھا جیسے شاہزادہ — تو اوس سے دہوم تھی اوسمین زیادہ
بندھے تھے ترپولیئے وان جابجا سے — عجائب خوشنما وہ روشنی کے
کھڑے تھے جہاڑ چرخی کہ اک جا — تھے گرتے اوسمین کھنچ کے تماشا
بنایا تھا کہیں سرو چراغان — دل عاشق کی صورت تھا نمایان
وہ اس خوبی سے آرائش بنی تھی — نہ دیکھی تھی کسی نے ایسی سجی تھی
وہ ٹٹی تھیں جو گوناگون نمایان — مگر باغ ارم کی تھیں خیابان
انار اسطرح چھوٹے اور غبارے — دل عاشق سے لگائیں جو ہین شرارے
جو ہوائی چھٹنے نے شور اپنا مچایا — تو اوسدم رعد نے بھی خوف کھایا
لکھوں کیا اونکا میں طول گرانی — ہر اک تھا برج برج آسمانی
ہوئین روشن وہان لاکھون جو مہتاب — نہ لا سکتا تھا اوسدم اونکی مہتاب
انار اور قلعہ سب چھوٹے جو سارے — ہزارون گنج سے نکلے ستارے
ستارون کی جو وان کثرت ہوئی تھی — زمین بھی آسمان سی بن گئی تھی
برات اس دہوم سے اوسکی چڑہی جب — ہوا خوش شاہزادہ اوسگہڑی سب
دلہن کے گہر غرض پہنچی سواری — کہ تھی لوگونکو وان سے انتظاری
یہ سب اوترے مکانمین جا کے بیٹھے — لگین کرنے طوائف آکے مجرے
کیا تھا اوان خوشی نے کچہ عجب ڈہنگ — جدہر دیکھا ادہر ہی راگ اور رنگ
ہوا تھا عقد جسدم اوس پری سے — قمر باہم ہوا تھا مشتری سے
ہوئی خلقت کو جب یہ رسم معلوم — مبارکباد کی پڑی چار و طرف دہوم
دلہن کے گہر رہے سب تا بہ نوروز — عجائب جشن تھا وان یا تھا نوروز
ہوئی رخصت کی پہر وان سے تیاری — طلب کی شاہ نے اوسدم سواری
وزیر آکر ہوا حاضر اوسی دم — کہا پہرے کے بعد اے شاہ اعظم

کہو ہون مین آپکا ادنے سا دستور
مین کیا ہون اور ہیرا کیا ہے مقدور

جو کچھ ہے پاس میرے ملک و دولت
سو وہ بالکل ہے حضرت کی بدولت

ولیکن رسم دنیا ہے یہ مشہور
خسر کا جسقدر ہوتا ہے مقدور

سو وہ داماد کو دیتا ہے اکثر
تو مینے بھی کیا ہے کچھ میسر

جسے ہو حکم وہ جا کر اوٹھالے
کرون یہ فرد مین اوسکے حوالے

اگرچہ آپ کے شایان یہ کب ہے
ولیکن اپنی عزت کا سبب ہے

یہ سنکر شاہ نے بھی ہوکے خوشحال
کیا معروضہ دستور اقبال

تو حضرت نے یہ فرمایا اسیکو
کہ اسباب جہیز اب جملہ لے لو

چلے پھر وہ دولھن کو وہانسے لیکر
نثار اوسپر چلے کرتے ہوئے زر

بہت خوشدل چلی جاتی تھے حضرت
سواری کی وہ تھی شان و شوکت

ہوا داخل مکان مین جب جوان بخت
گئے ڈیوڑہی پہ دونون پالکی تخت

خوشی تھی بسکہ شہزادی کی ماکو
اوتارا اوسنے سلطان النساء کو

نثار اوسنے کئے اوسپر سے گوہر
اور اوسکی رونمائی دی مکرر

اور اوسنے کر دیا خوشحال ہوکر
جدا اک محل رہنے کو مقرر

لگے یہ رہنے خوشی ہر روز و ہر شب
پدر فرزند داماد اور بہو سب

بظاہر گرچہ تو تھی یہ کہانی
ولیکن اسمین ہے راز نہانی

نہین لکھنے سے گو کچھ فائدہ ہی
ولے کچھ اور اِس سے مدعا ہے

جو کچھ ہے مدعا میرا عزیزو
یہ قصہ اوسکی تم تمثیل سمجھو

کہ شہزادی کا تھا وہ عشق کامل
عبث جاتا رہا تھا ہاتھ سے دل

تو وہ جا کر بنا درویش مکار
حقیقت مین نہ تھا درویش زنہار

ولے تقلید کی کامل کی اوسنے
بلا شک کی کمی سب دل کی اوسنے

تو حاصل کر لیا وہ کام اوسنے | تملق کہو یا کیا آرام اوسنے
اسی صورت سے تو ہو اوسکا جو یان | اگر کچھ بھی ہے تجھ مین عقل یا دان
طلب مین اوسکی گر تو جان کھپا دے | یہ کیا معنی کہ پھر اوسکو نپاوے
فقیر اس وقت کے ہین جو صنعت | بڑے مکار ہین وہ فی الحقیقت
نہین مکار ہین وہ بلکہ نادان | کہ مکاری کو ہے درکار سامان
یہ اول آپ بے پروا جو ہوتے | گرہ سے اپنی کچھ پونجی تو کھوتے
کرے پھر فکر سے ایسی کوئی بات | کرین چھوٹے بڑے اوس سے رجوعات
وگر ہو حق کے جانب یہ سراسر | قدمبوس اسکے ہون سب اہل ابصر
جو اوسکی راہ مین ایذا اوٹھاوے | تو شہزادی سی بستر مین پاوے
وگر باور نہین یہ قول میرا | لکھا قرآن مین ہے عسر یسیرا

یہ ہے تاریخ ہاتف کی زبانی
فوادر شعر ہین نادر کہانی
سنہ ۱۲۳۷ ہجری

خاتمۃ الطبع

بعد حمد صانع کردگار و نعت رسول مختار کے سخنوران روزگار کو واضح ہو کہ اندنون ایک کلیات کلام شاعر کامل فن علی بند شاہد سخن حضرت شیخ کریم الدین مرحوم و مغفور مرادآبادی صنعت تخلص کا جو مسمی بہ کلیات صنعت ہی مطبع نامی سرچشمہ ابہت جناب منشی نول کشور صاحب دام اقبالہ مین بموجب ایمای بعض شائقین سخن و زبان آوران ماہر فن بماہ اکتوبر سنہ ۱۸۷۶ع مطابق ماہ شوال سنہ ۱۲۹۳ ہجری مقام لکھنؤ مین چھپکر طیار ہوا اس کلیات مین ہر قسم کا

مصنف کا قسم رباعیات و مخمسات و غزلیات و مثنوی وغیرہ سے ہے یہ مصنف بڑے صاحب کمال تھے خصوص فن سیاق مین انکا نظیر نہ تھا شہر مرادآباد وغیرہ کے اکثر لوگ انکے فیض علم سے بہرہ یاب رہے علاوہ دیوان و غزل و تضمین و مثنوی وغیرہ کے ایک رسالہ انکا سیاق مین نہایت مفید لائق درس مدارس ہی اور یہ شخص نہایت ثقہ باوضع گذرا تمام باشندگان مرادآباد نے انکی تعظیم و تکریم بزرگانہ کی نواب فیض اللہ خان والی رامپور کے جلیس تھے اور یہ بات عجائبات سے ہے کہ قبل وفات کے دو ایک روز پہلے جناب کمالات انتساب منشی انوار حسین صاحب تسلیم سے اپنی وفات کی تاریخ کی فرمایش کی چنانچہ تسلیم صاحب نے دو قطعہ فی البدیہہ کہکر پیش کیے پھر دو روز کے بعد انتقال فرمایا یہ ایک تصرف باطنی حضرت مصنف کا تصور کیا جاوے چنانچہ وہ دو قطعہ یہ ہین —

قطعہ تاریخ وفات حضرت مصنف طبعزاد شاعر ذکی و فہیم منشی انوار حسین صاحب تسلیم

طرف خلد بہ یں کے جبکہ صنعت	سفر دار فنا سے کر گیا ہاے
صدا اٹھی سال ماتم مین فلک سے	کریم الدین صنعت مر گیا ہاے
	سنہ ۱۲۶۳ ہجری

تاریخ دیگر طبعزاد ایضاً

موئے جس دم کریم الدین صنعت	کوئی کرتا تھا ہے ہے اور کوئی وا ے
وہین تسلیم نے رو رو کہا ہے	کہا — اوستاد خمسہ کا موا ہاے
	سنہ ۱۲۶۳ ہجری